★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 27 رمضان المبارک 1446ھ، 28 مارچ 2025ء، 14 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 150

خوشی ہوئی وفاق اور دیگر بوصوبوں نے پنجاب کے رمضان پیکیج کو فالو کیا: مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے 24 ویں اجلاس میں طویل ترین ایجنڈا آئٹمز کی منظوری دی گئی، اجلاس میں پنجاب میں اسپیشل افراد، بزرگ اور طلبہ کے لئے مفت سفر کی سہولت کی منظوری دی گئی

مریم نواز شریف نے چکن کے نرخ کم کرنے کے لئے موثر اقدامات کی ہدایت کی، جنسی جرائم کیلئے اسپیشل انوسٹی گیشن یونٹس کے قیام کی منظوری دی اور ریپ کے واقعات کی روک تھام کے لئے اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے 24 ویں اجلاس میں طویل ترین ایجنڈا آئٹمز کی منظوری دی گئی اور اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پنجاب میں اسپیشل افراد، بزرگ اور طلبہ کے لئے مفت سفر کی سہولت کی منظوری دی گئی، طلبہ کے لئے ٹرانسپورٹ کارڈ جاری کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چکن کے نرخ کم کرنے کے لئے موثر اقدامات کی ہدایت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پاکستان نے اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین کا بیان مسترد کر کے اسے یکطرفہ قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین کا بیان مسترد کرتے ہوئے اسے یک طرفہ قرار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

محسن نقوی کی گوادر میں مسافروں پر فائرنگ کی مذمت

شناخت کر کے مسافروں کو نشانہ بنانا بربریت اور درندگی ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گوادر کے علاقے کلمت میں مسافروں پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں نے بزدلانہ کارروائی کر کے معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ شناخت کر کے مسافروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پاکستان کا یوکرین تنازع کے خاتمے کیلئے مذاکرات پر زور

پرامید ہیں کہ یہ نیا مثبت رجحان اور ابتدائی اقدامات سے پیدا ہونے والی رفتار بالآخر ایک جامع اور مستقل جنگ بندی کی راہ ہموار کرے گی: عاصم افتخار احمد

انسانی امدادی سرگرمیوں کو مؤثر اور متاثرہ آبادی کی ضروریات سے ہم آہنگ بنانے کیلئے، امدادی کارکنوں تک بلاتعطل رسائی وان کا تحفظ یقینی بنانا ناگزیر ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے یوکرین تنازع کے خاتمے کیلئے مذاکرات پر زور دیتے ہوئے محدود جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں یوکرین کی انسانی صورتحال پر پاکستان کا قومی بیان دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے نامزد مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے اس معاہدے کو ممکن بنانے میں امریکی انتظامیہ اور اس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

امریکی کانگریس میں پاکستان مخالف بل دوطرفہ تعلقات کا عکاس نہیں، ترجمان دفتر خارجہ

ہم امریکا میں پیش کیے گئے بل سے آگاہ ہیں، یہ ایک فرد کی جانب سے اٹھا گیا اقدام ہے، پاکستان کے امریکا اور روس دونوں ممالک سے اچھے تعلقات ہیں، شفقت علی خان

پاکستان کی کمرشل کمپنیوں پر امریکا کی جانب سے لگائی گئی پابندیاں یکطرفہ ہیں، یہ پابندیاں ثبوتوں کے بغیر لگائی گئی ہیں، روس اور یوکرین سیز فائر خوش آئند ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ امریکی کانگریس میں پاکستان مخالف بل دوطرفہ تعلقات کا عکاس نہیں ہے۔ امریکا میں پاکستان کے خلاف پیش ہونے والے بل پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا کہ ہم امریکا میں پیش کیے گئے بل سے آگاہ ہیں، یہ ایک فرد کی جانب سے اٹھا گیا اقدام ہے، یہ بل پاکستان اور امریکا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پرائم منسٹر ڈیجیٹل یوتھ ہب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قرضوں سے ترقی نہیں ہوتی، دعا ہے موجودہ IMF پروگرام آخری ہو

وزیراعظم

آپ لوگوں کو معلوم ہوگا کہ آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ ہوگیا لیکن یہ ایک ملین ڈالر قرض ہے، ہم نے کمایا نہیں ہے، نوجوان نسل کی محنت اور ہنر کی بدولت قرض کی زندگی کو وقار کی زندگی میں بدلنا ہے، وزیراعظم

میں آخری حد تک آپ کو قرضوں سے نجات دلاؤں گا، کسان، صنعتکار اور نوجوان کو معاشی طور پر مضبوط کرنا ہے، پاکستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار کے حصول کے قابل بنانا ہے: تقریب سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے پروگراموں سے معاشی استحکام تو آتا ہے لیکن قومیں ترقی نہیں کرتیں اور الحمدللہ معاشی استحکام آچکا ہے۔ اسلام آباد میں پرائم منسٹر ڈیجیٹل یوتھ ہب کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

گوادر، دہشتگردوں کی فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق

دہشتگردوں نے گوادر سے کراچی جانے والوں پر فائرنگ کی، پولیس

گوادر (این این آئی) بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر خونریزی کا واقعہ پیش آیا ہے، گوادر میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ کلمت کے علاقے میں پیش آیا، جہاں دہشتگردوں نے گوادر سے کراچی جانے والوں پر فائرنگ کی۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ میں 5 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا جسے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج دم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

صدر مملکت کی گوادر کے علاقے کلمت میں مسلح افراد کی فائرنگ کی مذمت

دہشتگرد ملکی ترقی وصوبے کی خوشحالی کے دشمن، یہ بلوچستان کو ترقی کرتے نہیں دیکھنا چاہتے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے گوادر کے علاقے کلمت میں مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد ملک کی ترقی اور صوبے کی خوشحالی کے دشمن ہیں، یہ بلوچستان کو ترقی کرتے نہیں دیکھنا چاہتے۔ جاری بیان میں صدر مملکت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

شوال کا چاند اتوار کی شام نظر آنے کا قوی امکان

لاہور (این این آئی) شوال کا چاند اتوار کی شام کو نظر آنے اور عید الفطر 31 مارچ بروز پیر ہونے کا قوی امکان ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: ہواوے ٹیلی کام کمپنی کا وفد وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہا ہے

سندھ کینالز: جو اتفاق رائے فیصلہ سے ہوگا اس پر عمل ہوگا: رانا ثنا

کینالز پر سندھ میں جس طرح کی سیاست ہو رہی ہے پیپلز پارٹی کو اس اسپیس کو کور کرنا چاہیے، مشیر وزیراعظم کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے پیپلز پارٹی کو یقین دلایا کہ 6 کینال کے معاملے پر بیٹھ کر بات کریں گے، کینالز کے معاملے پر جو اتفاق رائے سے فیصلہ ہوگا اس پر عمل ہوگا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ معاملہ تب بگڑے گا جب کسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

مخصوص سیٹوں کے فیصلے پر عملدرآمد کروانے کی درخواست پر سماعت 7 اپریل تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے مخصوص سیٹوں کے سپریم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

190 ملین پاؤنڈ، عمران خان نے سزا معطلی کی درخواست جلد مقرر کرنے کی اپیل دائر کردی

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے 190 ملین پاؤنڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



واشنگٹن: معاون خصوصی وزیراعظم سینیٹر طارق فاطمی کا امریکی سینیٹر جم بینکس کیساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

جمعۃ الوداع (آج) نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ ادا کیا جائے گا

ملک بھر کی مساجد میں نماز جمعہ کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوں گے

جہانیاں (این این آئی) جمعۃ الوداع (آج) 28 مارچ کو نہایت عقیدت و احترام اور خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کیا جائے گا، مساجد میں نماز جمعہ کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوں گے، فلسطینی مسلمانوں اور ملکی استحکام کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی جہانیاں سمیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

جعفر ایکسپریس 16 روز بعد بحال، پشاور سے کوئٹہ روانہ ہوئی

کوئٹہ روانہ ہونے والی جعفر ایکسپریس میں 280 مسافر سوار تھے، ذرائع

پشاور (این این آئی) جعفر ایکسپریس 16 روز بعد بحال ہوگئی، ٹرین پشاور سے کوئٹہ کیلئے روانہ ہوئی۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ روانہ ہونے والی جعفر ایکسپریس میں 280 مسافر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور ترکیہ کے قونصل جنرل ورمس بستگ الحمراء میں رمضان المبارک کی مناسبت سے لگی کیلی گرافی نمائش دیکھ رہے ہیں

عید الفطر پر قیدیوں کی 3 ماہ کی سزا معاف کرنے کا اعلان

صدر مملکت کی جانب سے سزاؤں میں کمی کے اعلان پر سب سے زیادہ قیدی اڈیالہ جیل سے رہا ہوں گے، حکام

سزاؤں میں کمی کے اعلان کے بعد پنجاب کی جیلوں میں بند 1606 قیدیوں کی سزاؤں میں کمی ہوئی ہے: جیل حکام

لاہور (این این آئی) عید الفطر پر پنجاب میں قیدیوں کی 3 ماہ کی سزا معاف کرنے کا اعلان کردیا گیا۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری نے قیدیوں کی 3 ماہ کی سزائیں معاف کردیں۔ جیل حکام کے مطابق حکومت کی جانب سے سزاؤں میں کمی کے اعلان کے بعد پنجاب کی جیلوں میں بند 1606 قیدیوں کی سزاؤں میں کمی ہوئی ہے۔ معمولی جرائم میں ملوث قیدیوں کی سزاؤں میں 3 ماہ کی معافی ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق اڈیالہ جیل راو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ہمایوں اختر خان کی ملاقات

این اے 97 کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر فوری کام شروع کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے سابق وفاقی وزیر تجارت ہمایوں اختر خان نے ملاقات کی۔ اس موقع پر حلقہ این اے 97 کے لیے ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: گورنر پنجاب محمد احمد خان پنجاب ورکرز ویلفیئر کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹ تقسیم کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی کلمت میں دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت

بے گناہ معصوم مسافروں کو بس سے اتار کر شناخت کی بنیاد پر قتل کرنا بزدلانہ کارروائی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کلمت میں دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ معصوم مسافروں کو بس سے اتار کر شناخت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پختونخوا اور بلوچستان کے حالات، اے این پی کا عید الفطر سادگی سے منانے کا اعلان

چارسدہ (این این آئی) پختونخوا اور بلوچستان کے حالات، اے این پی کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

بلوچستان، اے این ایف کی کارروائیاں، 2 کلو آئس، 20 کلو چرس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) انسداد منشیات فورس نے کوئٹہ اور اور پسنی میں کارر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس، 6 ملزمان کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

پشاور (این این آئی) 9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں عدالت نے رکن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



پشاور: وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا جنرل ہسپتال لاہور کا دورہ

او پی ڈی میں مریضوں سے ملاقات، طبی سہولیات کا جائزہ لیا، وزیراعلیٰ کمپلینٹ کاؤنٹر کا بھی دورہ کیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جنرل ہسپتال لاہور کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے او پی ڈی میں مریضوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے بیعت کے آٹھ سال مکمل

سعودی شہریوں کو اپنے ملک کے ویژن 2030 کی اہم کامیابیوں کو یاد کرنے کا موقع ملا، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے انتخاب کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہمارے بچوں کا خون سستا نہیں، غزہ میں حماس مخالف مظاہرے جاری

غزہ (این این آئی) غزہ میں جنگ کے خاتمے کا مطالبہ کرنے والے حماس مخالف مظاہرے ایک بار پھر سامنے آئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لاہور ہائیکورٹ نے نظر بندی کے قانون کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے زینب عمیر کی درخواست پر سماعت کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نظر بندی کے قانون کے خلاف دائر درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے زینب عمیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

اے این ایف کا کریک ڈاؤن، 3 کروڑ سے زائد کی منشیات برآمد

کوریئر آفس کے ذریعے برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل سے 785 گرام ہیروئن برآمد ہوئی

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے مختلف کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ 3 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلیں۔ ترجمان اے این ایف کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے عالمی برادری کو ملکر کام کرنا ہوگا، محسن نقوی

وزیر داخلہ سے قائمقام امریکی سفیر کی ملاقات، پاکستان میں دہشتگردانہ حملوں کی مذمت، اسلام آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تعریف

پاکستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات میں جاں بحق افراد کے خاندانوں سے دلی ہمدردی ہے: قائمقام امریکی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکا کی قائمقام سفیر نیٹلی بیکر نے ملاقات کی، قائمقام امریکی سفیر نے جعفر ایکسپریس اور دیگر دہشت گردانہ حملوں کی مذمت اور شہداء کے خاندانوں سے اظہار تعزیت کی۔ قائمقام امریکی سفیر نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات میں جاں بحق افراد کے خاندانوں سے دلی ہمدردی ہے۔ ملاقات میں پاکستان امریکا تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور سمیت دوطرفہ تعاون بڑھانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

حوثیوں پر حملوں سے پہلے سعودی تیل تنصیبات کا تحفظ یقینی بنایا جائے، نائب امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وانس نے ٹرمپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

غزہ میں ہمارے خلاف مظاہرے اسرائیل کے کام آرہے ہیں، حماس

غزہ (این این آئی) حماس نے کہا ہے کہ ہمارے خلاف جو بھی احتجاج ہوا ہے وہ اسرائیل کے کام آئے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

غزہ، اسرائیل پر دو میزائلوں سے حملہ، اسرائیلی فوج نے ایک کو روک لیا

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس نے اسرائیل میں داغے گئے دو میزائلوں کو روک لیا ہے۔ ان میں سے ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

اسرائیلی حملے میں حماس کے ترجمان عبداللطیف القانوع جاں بحق، تنظیم نے تصدیق کردی

غزہ (این این آئی) فلسطینی تنظیم حماس کے زیر انتظام ذرائع ابلاغ نے بتایا ہے کہ غزہ کے شمال میں ایک اسرائیلی فضائی حملے میں تنظیم کے ترجمان عبداللطیف القانوع جاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

وزیر خزانہ نے رواں سال "پانڈا بانڈز" کے اجرا کا امکان ظاہر کردیا

پانڈا بانڈ کا اجرا پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹوں کو چین سے جوڑنے کا عکاس ہوگا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے رواں سال پاکستان کے یوآن میں "پانڈا بانڈز" کے اجرا کا امکان ظاہر کردیا۔ چین میں باؤ فورم برائے ایشیا سالانہ کانفرنس 2025 میں شرکت کے دوران چینی میڈیا سے گفتگو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ پانڈا بانڈ کا اجرا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)



وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر خواتین تحفظ کیلئے ویمن پولیس اسکواڈ بازار میں گشت کر رہا ہے

ڈی جی نیب لاہور (آج) صبح نو بجے کھلی کچہری لگائیں گے

کھلی کچہریوں میں ہاؤسنگ سیکٹر، پونزی سکیموں کے شکار متاثرین کی دادرسی کی گئی ہے، احترام ڈار

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور آج (جمعہ) صبح نو بجے کھلی کچہری لگائیں گے۔ ترجمان کے مطابق کھلی کچہری میں عوام کے مسائل اور شکایات پر فوری کارروائی کے احکامات جاری کئے جائیں گے۔ ترجمان نے کہا کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق عام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

سیاسی ٹیم بانی پی ٹی آئی کو باہر لانے کا لائحہ عمل دینے میں ناکام، فیصل چوہدری

عید کے بعد سڑکیں کیسے گرم ہونگی؟ سیاسی لوگ خود تو آتے نہیں، سلمان اکرم راجہ نے کورٹ کو جو انڈرٹیکنگ دی اس کا بانی کو بھی نہیں پتا

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کر کے پوچھوں گا کہ ان کے خلاف کیا کان بھرے گئے ہیں؟ اس واردات کو آسانی سے نہیں جانے دینگے

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے سابق وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی سیاسی ٹیم میں تجربے کی کمی ہے۔ ایک انٹرویو میں فیصل چوہدری نے کہا کہ سیاسی ٹیم بانی کو باہر لانے کا لائحہ عمل دینے میں ناکام ہے، عید کے بعد سڑکیں کیسے گرم ہونگی؟ سیاسی لوگ خود تو آتے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کر کے پوچھیں گے کہ ان کے خلاف کیا کان بھرے گئے ہیں؟ اس واردات کو آسانی سے نہیں جانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق جنرل ہسپتال لاہور کی او پی ڈی میں طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں



اسلام آباد: پارلیمنٹری سیکرٹری برائے تعلیم و ٹریننگ فرح ناز اکبر ایک نجی سکول کی تقسیم انعامات تقریب میں بچی کو سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 330 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) عید سے قبل جرائم کی جن بے قابو ہوگئی شہر کی گئی 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 330 وارداتیں رپورٹ ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 12 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے ، برزی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 18 افراد سے لاکھوں روپے، 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فون چھین لے ، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 18 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 36 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں ، 2 ٹریکٹر ویگن 1 ، موٹیو چوری ہوگیا اور مختلف تھانوں میں متعدد چوری 239 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

ہے۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کے مطابق ، گزشتہ 48 گھنٹوں میں سٹریٹ کرمنلز، ڈاکوؤں اشتہاریوں اور عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا ہے۔ اس دوران 48 اشتہاریوں سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب 284 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ان ملزمان پر سنگین جرائم کے متعدد مقدمات درج ہیں اور ان میں سے 150 ریکارڈ یافتہ اور 58 عادی جرائم شامل ہیں ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے مزید بتایا کہ ایس پی ڈولفن سکواڈ کی جانب سے سنیپ چیکنگ اور پٹرولنگ کا عمل 24/7 تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔

عید کی تعطیلات کے موقع پر لاہور میں سیکیورٹی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے اور ڈولفن سکواڈ کی جانب سے سنیپ چیکنگ و پٹرولنگ کا عمل 24/7 تسلسل کے ساتھ جاری ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) عید کی تعطیلات کے موقع پر لاہور میں سیکیورٹی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے اور ڈولفن سکواڈ کی جانب سے سنیپ چیکنگ و پٹرولنگ کا عمل 24/7 تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔

بادامی باغ چوکی جوزف کالونی پولیس نے دو رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) بادامی باغ چوکی جوزف کالونی پولیس نے دو رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ بادامی باغ کی چوکی جوزف کالونی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران موٹر سائیکل چوری کرنے کی واردتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ احمد عرف خٹکا اور ساتھی اسد طفیل کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 5 موٹر سائیکل 3 موبائل 10 ہزار نقد رقم اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر کے مقدمات درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ریکارڈ یافتہ ملزمان لاہور کے مختلف مقامات پر وارداتیں کرتے اور چوری کی ہوئی موٹر سائیکل کو پارٹس میں فروخت کر دیتے تھے

کاہنہ کے علاقہ میں سیکیورٹی گارڈ نے فائرنگ کر کے 4 افراد کو زخمی کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ کے علاقہ میں سیکیورٹی گارڈ نے فائرنگ کر کے 4 افراد کو زخمی کر دیا جنہیں مقامی افراد نے فوری طبی امداد کے لیے منتقل کر کے ملزم کو پکڑ کر اسلحہ سمیت پولیس کے حوالے کر دیا تفصیلات کے مطابق کاہنہ کے علاقے میں معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں راشد، احسار، عثمان اور قربان زخمی ہو گئے جنہیں زخمیوں کو طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا بتایا گیا ہے کہ زخمی اور ملزم لین ٹیکنال فیکٹری میں کام کرتے ہیں واقعے کے بعد گارڈ کو دیگر ورکرز نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ پولیس نے سیکیورٹی گارڈ شاداب سے اسلحہ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا

منشات فروشوں کے خلاف یکے بعد کارروائیاں جاری

گڑھی شاہو ڈولفن سکواڈ نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور سے منشیات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا عزم ڈولفن سکواڈ کی منشات فروشوں کے خلاف یکے بعد دیگر کارروائیاں جاری۔ ترجمان کے مطابق گڑھی شاہو ڈولفن سکواڈ نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا انہوں نے فرار کی کوشش کی جسے ڈولفن ٹیم نے تعاقب کے بعد علامہ اقبال روڈ پر روک کر 2 نوجوانوں کو گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضہ سے 07 پتیس انجیکشن شراب برآمد کر لی جبکہ دوسری کارروائی میں ڈولفن سکواڈ سامنہ آباد نے بھی پیشہ ور منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 100 گرام سے زائد آئس برآمد کر کے ملزمان امین، پرویز، نعمان کو مزید کارروائی کیلئے تھانہ گڑھی شاہو اور سامنہ آباد کے حوالے کر دیا گیا

نوانکوٹ پولیس نے پتنگ بازی کا سامان خرید وفروخت کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نوانکوٹ پولیس نے پتنگ بازی کا سامان خرید وفروخت کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق نوانکوٹ پولیس نے پتنگ بازی کا سامان بیچنے والے ملزم محمد احمد کو خفیہ اطلاع پر جھگیاں شہاب الدین نیو ٹیب ویل والے چوک سے گرفتار کر کے اس سے 100 گڈے اور پتنگوں کے ساتھ 10 پیکٹ ڈور کے برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ملزم اقبال ٹاؤن بلال احمد کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی قانونی جرم ہے جس پر مہم چلائی جا رہی ہے

ماہِ رمضان، سحری میں کھانے پینے کا معیار، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا سرپرائز فیلڈ دورہ

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی فوڈ سیفٹی ٹیموں اور سحری پوائنٹس کی سرپرائز چیکنگ

سرپرائز چیکنگ میں تمام ٹیمیں آفسران کے ہمراہ فیلڈ میں موجود

انارکلی فوڈ سٹریٹ، گلبرگ، مزنگ کے علاقوں میں 49 سحری پوائنٹس کی چیکنگ

قوانین کی خلاف ورزی پر 22 فوڈ پوائنٹس کو 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد

100 لٹر ناقص دودھ، ایک من دہی، 37 لٹر گھی اور گلی سڑی سبزیاں تلف

اب تک 74 ہزار 382 سحر و افطار پوائنٹس کو چیک کیا جا چکا ہے۔ عاصم جاوید

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت کام کر رہے ہیں: ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (خبر نگار) ماہِ رمضان میں سحری میں کھانے پینے کے معیار کو جانچنے کے لیے ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے فوڈ سیفٹی ٹیموں اور سحری پوائنٹس کی سرپرائز فیلڈ دورہ، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے فوڈ سیفٹی ٹیموں اور سحری پوائنٹس کی سرپرائز چیکنگ کی، سرپرائز چیکنگ میں تمام ٹیمیں آفسران کے ہمراہ فیلڈ میں موجود ہیں، اتھارٹی فوڈ سٹریٹ، گلبرگ، مزنگ کے علاقوں میں 49 سحری پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی اور خواتین کی خلاف ورزی پر 22 فوڈ پوائنٹس کو 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے، تفصیلات کے مطابق 100 لٹر ناقص دودھ، ایک من دہی، 37 لٹر گھی اور گلی سڑی سبزیاں تلف کی گئیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا کھلے ناقص معیار اور غیر محفوظ کے فریزر استعمال کرنے پر جرمانے عائد کیے گئے ۔ سانحہ ہدایات کی خلاف ورزیاں اور ادارہ کے ریکارڈ عدم دستیاب پایا گیا، اب تک 74 ہزار 382 سحر و افطار پوائنٹس کو چیک کیا جا چکا ہے۔ فوڈ پوائنٹس کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے، فوڈ اتھارٹی کے تمام آفسران روزانہ کی بنیاد پر ٹیموں کے ساتھ فیلڈ میں چیکنگ کر رہے ہیں۔ ماہ مبارک میں اشیاء خورد و نوش کے معیار پر ہرگز سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر اتھارٹی کو فراہمی کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت کام کر رہے ہیں۔ شہری خوراک سے متعلق شکایات کی صورت میں 1223 پر کال کریں۔

چوہدری شفاعت محمود کی وفات پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا اظہار افسوس

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سابق وفاقی وزیر چوہدری شفاعت محمود کی وفات پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ چوہدری شفاعت محمود کی وفات سے ملک ایک زیرک سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے۔ چوہدری شفاعت محمود کی سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ چوہدری شفاعت محمود کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مشکل سے پُر ہو گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے چوہدری شفاعت محمود کے لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

چھوٹے پولیس نے زہریلی شراب فروخت کرنے والے شراب فروش گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چھوٹے پولیس نے زہریلی شراب فروخت کرنے والے شراب فروش کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ترجمان کے مطابق چھوٹے پولیس نے خفیہ اطلاع پر شراب کی سپلائی لگانے والے ملزم مظہر لطیف کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 40 لیٹر بھی شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ہمایوں اختر خان کی ملاقات

ایئرلائے 97 کے لیے ترجیحی منصوبوں خصوصاً ریڈیو الائنمنٹ سسٹم کی فوری تکمیل پر اتفاق

لاہور (پ ر) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے سابق وفاقی وزیر تجارت ہمایوں اختر خان نے ملاقات کی ۔ اس موقع پر علاقہ ایئر لائے 97 کے لیے ترجیحی منصوبوں خصوصاً ریڈیو الائنمنٹ سسٹم کی فوری تکمیل پر اتفاق ہوا۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہمارے پیش نظر صرف حلقے کی تعمیر و ترقی ہے، ان شاللہ اس حوالے سے اپنی آواز کو ہر فورم پر اٹھانے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے ہمایوں اختر خان کی خدمات کو سراہتے ہوئے حلقہ این 97 کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے مثبت رد عمل کا اظہار کیا۔

عید قریب آتے ہی سرکل بھر میں چوری، ڈکیتی راہزنی کی وارداتیں

13 مختلف وارداتوں میں متعدد شہری موبائل فون، طلائی زیورات، نقدی اور قیمتی اشیاء سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) عید سے قبل امن و امان کی صورتحال خراب ہونے لگی عید قریب آتے ہی سرکل بھر میں چوری، ڈکیتی راہزنی کی وارداتوں میں اضافہ، 13 مختلف وارداتوں میں متعدد شہری موبائل فون، طلائی زیورات، نقدی اور قیمتی اشیاء سے محروم، مندرجہ اطلاع میں تین مسلح ملزمان نے سیرت کے بھرے مجمع میں گھس کر اہل خانہ کو اسلحہ کے زور پر ایک کمرے میں بند کر کے 20 تولے طلائی زیورات، 4 موبائل فون اور 4 تولہ چاندی چھین کر لے گئے کوٹ اٹی نگلہ میں رضوان علی شاکر کے گھر سے معلوم ملزمان نے سیف الماری میں رکھا ہوا زیور موٹی طلائی چین، 4 عدد انگوٹھیاں کانے اور 3 نقد لوٹ لیا تھانہ ڈسکہ میں ملزم نے گھر سپلائی کے فرج سے کیا شیرے دا ڈکوٹ کے قریب سپلائی کے فرج آنے والے تھانہ علی دوہ معلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر 70 ہزار روپے چھین لے محمد عرفان سے علاقہ اڑا کے قریب تین مسلح ملزمان نے نقدی 60 ہزار اور موبائل فون چھین لیا تھانہ ڈسکہ

محکمہ ایریگیشن اور مشنری ڈیپارٹمنٹ کے خلاف ٹھیکیدار پھٹ پڑے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ ایریگیشن اور مشنری ڈیپارٹمنٹ کے خلاف ٹھیکیدار پھٹ پڑے کمیشن مافیا حکومت کو برخیدنہ میں لاکھوں روپے کا نقصان پہنچانے پر شیشوی کی مد میں بھی رقم خرد برد کی جاتی ہے تفصیلات کے مطابق محکمہ ایریگیشن اور مشنری ڈیپارٹمنٹ کے خلاف رجسٹرڈ ٹھیکیداران نے انصافی اور تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے ٹھیکیدار ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور انہوں نے ہمیشہ برادری فروغ دیا اور تعلقات میں اضافہ کیا ہے کہ چوہدری شفیع حسین کی قیادت میں محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے امور بہتری لائی جائے گی۔

گندم بحران: جماعت اسلامی نے عید کے بعد احتجاج کی تیاری کر لی

عید کے بعد آبپاشی اور ہیوی انڈسٹریز کے دفاتر کے باہر احتجاجی دھرنے دیں گے، پنجاب کابینہ کا اجلاس طلب کیا جائے، راہ رو احتجاجی کیمپ لگایا جائے

حکومت نے کسانوں کے جائز مطالبات تسلیم کرتے ہوئے گندم کی سرکاری قیمت کم از کم چار ہزار مقرر کی جائے، ردی مافیا حل نہ کیا گیا تو کسان سڑکوں پر آئیں گے

لاہور (پ ر) امیر جماعت اسلامی ضلع محمد جاوید قصوری نے منصورہ لاہور میں ڈاکٹر بابر رشید، میاں رشید منصالہ، محمد فاروق چوہان کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی نے گندم بحران اور حکومت کی کسان دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی تحریک کا اعلان کر دیا ۔ جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ ظلم اور سفاکی ناانصافی کے خلاف 7 اپریل کو لاہور میں آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرے گی۔ 8 اپریل کو پنجاب آبپاشی کے باہر احتجاجی کیمپ لگائے گی۔ اگر حکومت نے کسانوں کے مطالبات مان نہ کیے تو گندم کی امدادی قیمت 4 ہزار فی من مقرر نہ کی تو لاہور میں جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ مل کر بڑا احتجاجی مظاہرہ کرے گی ۔ ہم امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں پنجاب کے کاشتکاروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ حکمران کسانوں کا حق مار کر کے پاکستان کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں۔ ردی مافیا میں ٹیکس چور بجلی کا یونٹ سستا کیا جائے۔ اگر معاشی بوجھ پر آئے کو بڑھتا ہے تو زراعت کو ترقی دینا ہوگی۔ کسان خوشحال ہوگا تو صوبہ اور ملک خوشحال ہوگا۔ پاکستانی کسان مشکلات کا شکار اور زرد کی طرح پیلے ہو رہے ہیں۔ حکومت کی جانب سے ہتھ روکا رکھنے کے تمام اقدامات ناکام ہو چکے ہیں۔ حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کا ہدف 4 ہزار روپے فی من مقرر کیا گیا تھا مگر اب تک صرف 2 ہزار 200 روپے فی من خریداری کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کا ہدف 4 ہزار روپے فی من مقرر کیا گیا تھا مگر اب تک صرف 2 ہزار 200 روپے فی من خریداری کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کا ہدف 4 ہزار روپے فی من مقرر کیا گیا تھا مگر اب تک صرف 2 ہزار 200 روپے فی من خریداری کی گئی ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو اکھوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے ڈیجیٹائزیشن، مشترکہ کھاتہ جات کی تقسیم اہداف پر ڈویژنل بریفنگ دی

شہریوں نے حکومت پنجاب کے حکم کے مطابق محکمہ ریونیو کے تحت مشترکہ کھاتہ جات کی ازخود تقسیم کو ویلکم کیا ہے: کمشنر لاہور کو بریفنگ

لاہور اور ننکانہ میں موضعجات کی ڈیجیٹائزیشن ہو چکی ہے: قصور شیخوپورہ کو بھی جلد مکمل کریں: کمشنر لاہور

کمشنر لاہور ڈویژن نے تمام ڈی سی زاور اے سی زکو ریونیو ڈیجیٹائزیشن و تقسیم پر مکمل فوکس کرنے کی ہدایت کر دی



کمشنر لاہور نے بن مقصود بی او آر کے پلس پراجیکٹ اور ریونیو ٹیمپلیٹ ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے ڈویژنل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



ماہِ رمضان، سحری میں کھانے پینے کا معیار، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا سرپرائز فیلڈ دورہ

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی فوڈ سیفٹی ٹیموں اور سحری پوائنٹس کی سرپرائز چیکنگ

سرپرائز چیکنگ میں تمام ٹیمیں آفسران کے ہمراہ فیلڈ میں موجود

انارکلی فوڈ سٹریٹ، گلبرگ، مزنگ کے علاقوں میں 49 سحری پوائنٹس کی چیکنگ

قوانین کی خلاف ورزی پر 22 فوڈ پوائنٹس کو 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد

100 لٹر ناقص دودھ، ایک من دہی، 37 لٹر گھی اور گلی سڑی سبزیاں تلف

اب تک 74 ہزار 382 سحر و افطار پوائنٹس کو چیک کیا جا چکا ہے۔ عاصم جاوید

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت کام کر رہے ہیں: ڈی جی فوڈ اتھارٹی



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق جنرل ہسپتال لاہور کی او پی ڈی میں طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

چوہدری شفاعت محمود کی وفات پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا اظہار افسوس

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سابق وفاقی وزیر چوہدری شفاعت محمود کی وفات پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ چوہدری شفاعت محمود کی وفات سے ملک ایک زیرک سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے۔ چوہدری شفاعت محمود کی سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ چوہدری شفاعت محمود کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مشکل سے پُر ہو گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے چوہدری شفاعت محمود کے لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

چوہدری شفیع حسین سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی ملاقات

امن وامان کی صورتحال محکمہ اوقاف کے امور، کنول، رواداری اور بھائی چارے کے جذبات کے فروغ میں علماء کے کردار پر بات چیت

لاہور (صابر غوری) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شفیع حسین سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران امن وامان کی صورتحال، محکمہ اوقاف و مذہبی امور میں کنول، رواداری اور بھائی چارے کے جذبات کے فروغ میں علماء کے کردار پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شفیع حسین نے کہا کہ ملک کو امن عامہ اور دہشت گردی کی صورتحال کا سامنا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج سیکیورٹی اداروں اور عوام نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ چوہدری شفیع حسین نے کہا کہ انسانیت کے دشمنوں کو شکست دی جا سکتی ہے۔ وزیر اوقاف پنجاب نے کہا کہ امن کے دشمنوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دئیے جائیں گے۔ خطیب، پاکستانی مسجد ہوگا۔ اخوت اور رواداری کے جذبات کے فروغ میں علماء کرام کا اہم کردار ادا کرنا ہے۔ بدامنی کی آگ کو بجھانے کے لئے مساجد کے پرخلوص پیغام کو فروغ دینا ہوگا۔ اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے دین اسلام میں دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں۔ اتحاد کی قوت سے ہی امور کا قلمدان بھاری ذمہ داری سے نبھے بطریق احسن نبھانے کی کوشش کروں گا۔ خطیب پاکستانی مسجد عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کی طرح ترقی کے لئے خدمات لائق تحسین ہیں، چوہدری شجاعت حسین سے دیرینہ تعلقات ہیں اور انہوں نے ہمیشہ رواداری کو فروغ دیا اور ملزمات کی ترجیحی و آرائشی کی سیکیوں پر تیزی کا سامنا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ



صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ ارورہ، بہاولپور کی ہندو کمیونٹی کے مسائل بارے دریافت کر رہے ہیں

علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال نے جھوٹے الزامات اور دھمکیوں پر انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کر دیا

نرسنگ طالبہ علیشبا آصف نعیم نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو انصاف کے حصول کے لئے درخواست دے دی

اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے میرا مستقبل داؤ پر لگایا گیا، طالبہ کا الزام

لاہور (خبر نگار) کالج آف نرسنگ علامہ اقبال میڈیکل کمپلیکس ہسپتال سیالکوٹ کی طالبہ نے اپنے خلاف لگائے جانے والے جھوٹے الزامات کی شفاف انکوائری ، نرسنگ کالج میں جاری غیر اخلاقی سرگرمیوں اور خود کو دی جانے والی دھمکیوں کے خلاف وزیر اعلیٰ پنجاب کو درخواست دے دی اور مطالبہ کیا ہے کہ اسے انصاف فراہم کیا جائے کالج آف نرسنگ علامہ اقبال میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کی طالبہ علیشبا آصف نعیم کی جانب سے درخواست دی گئی ہے جس میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ میری پرنسپل اور میری اساتذہ جنہوں نے اپنے ذمہ داریوں اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے مجھے ہراساں کرنے کی وجہ سے میرا مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے مجھے جس بنیاد پر نااہل کیا گیا وہ الزام بے بے کہ میں بغیر اجازت بیرون ملک گئی جبکہ اس حوالے سے کلاس ٹیچر کا باقاعدہ درخواست دی تھی جبکہ میری غیر موجودگی میں میرا داخلہ بھی کیا اور سے دلواد یا اور جب اس بارے میں دو بہنوں کو واپس آ کر پرنسپل کو درخواست دی کہ ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کی جائے تو میری تیجہ نے میرے پر دباؤ ڈالا کہ میں جھوٹ بولوں ورنہ سب کی نوکریاں خطر میں پڑ جائیں گی اور بعد ازاں مجھے انصاف فراہم کے بغیر ہی میرے خلاف کاروائی کرتے ہوئے میرا مستقبل داؤ پر لگا دیا اسلئے مجھے انصاف فراہم کیا جائے اور کالج میں جاری غیر اخلاقی سرگرمیوں کا بھی نوٹس لیا جائے۔

گندم بحران: جماعت اسلامی نے عید کے بعد احتجاج کی تیاری کر لی

عید کے بعد آبپاشی اور ہیوی انڈسٹریز کے دفاتر کے باہر احتجاجی دھرنے دیں گے، پنجاب کابینہ کا اجلاس طلب کیا جائے، راہ رو احتجاجی کیمپ لگایا جائے

حکومت نے کسانوں کے جائز مطالبات تسلیم کرتے ہوئے گندم کی سرکاری قیمت کم از کم چار ہزار مقرر کی جائے، ردی مافیا حل نہ کیا گیا تو کسان سڑکوں پر آئیں گے

لاہور (پ ر) امیر جماعت اسلامی ضلع محمد جاوید قصوری نے منصورہ لاہور میں ڈاکٹر بابر رشید، میاں رشید منصالہ، محمد فاروق چوہان کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی نے گندم بحران اور حکومت کی کسان دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی تحریک کا اعلان کر دیا ۔ جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ ظلم اور سفاکی ناانصافی کے خلاف 7 اپریل کو لاہور میں آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرے گی۔ 8 اپریل کو پنجاب آبپاشی کے باہر احتجاجی کیمپ لگائے گی۔ اگر حکومت نے کسانوں کے مطالبات مان نہ کیے تو گندم کی امدادی قیمت 4 ہزار روپے فی من مقرر نہ کی تو لاہور میں جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ مل کر بڑا احتجاجی مظاہرہ کرے گی ۔ ہم امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں پنجاب کے کاشتکاروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ حکمران کسانوں کا حق مار کر کے پاکستان کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں۔ ردی مافیا میں ٹیکس چور بجلی کا یونٹ سستا کیا جائے۔ اگر معاشی بوجھ پر آئے کو بڑھتا ہے تو زراعت کو ترقی دینا ہوگی۔ کسان خوشحال ہوگا تو صوبہ اور ملک خوشحال ہوگا۔ پاکستانی کسان مشکلات کا شکار اور زرد کی طرح پیلے ہو رہے ہیں۔ حکومت کی جانب سے ہتھ روکا رکھنے کے تمام اقدامات ناکام ہو چکے ہیں۔ حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کا ہدف 4 ہزار روپے فی من مقرر کیا گیا تھا مگر اب تک صرف 2 ہزار 200 روپے فی من خریداری کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کا ہدف 4 ہزار روپے فی من مقرر کیا گیا تھا مگر اب تک صرف 2 ہزار 200 روپے فی من خریداری کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کا ہدف 4 ہزار روپے فی من مقرر کیا گیا تھا مگر اب تک صرف 2 ہزار 200 روپے فی من خریداری کی گئی ہے۔

پنجاب ٹیچرز یونین کے مرکزی صدر رانا انوار الحق کی لاہور آمد، ڈی پی آئی ایلیمنٹری ہشاہد سہیل صاحبہ سے ملاقات: اساتذہ مسائل پر گفتگو

اساتذہ کے بیشتر مسائل حل کیے جائیں گے، اساتذہ شرح خواندگی میں اضافے میں بنیادی تعلیم اور اضافہ میں اہم کردار ادا کریں: شاہدہ سہیل ڈی پی آئی پنجاب







لاہور (خبر نگار) پنجاب ٹیچرز یونین کے مرکزی صدر رانا انوار الحق کی قیادت میں رانا لیاقت حسین محمد یاران نے شاہدہ سہیل صاحبہ سے اساتذہ کو درپیش مسائل پر ملاقات کی اور انہیں میمن احمد دیگر نے ان کا انٹیگریشن چیلنجز پر استقبال کیا۔ رانا انوار الحق کی قیادت میں رانا سکریٹری رانا یاقت کی قیادت میں چوہدری محمد علی، میاں ارشد رانا الیاس، مرزا طارق، طاہر اسلام، رانا خالد، اشفاق میو، محمد اسکیل، محمد یاسین، محمد اسکیل، محمد حیات، عطاء اللہ خان، عشرت اقبال، محمد شفیق، محمد شاہد، محمد نواز، محمد اسلم، محمد ساجد، محمد حنیف

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 28 مارچ 2025ء

سیول ڈیفنس سیالکوٹ کی خدمات گرانقدر ہیں

اے ڈی سی جی سیالکوٹ

تنظیم شہری دفاع نے ہمیشہ تندہی سے ڈیوٹی کی۔ چیف وارڈن طاہر مجید کپور، صنعتی و تعلیمی اداروں میں فرضی حفاظتی مشکیں کرا رہے ہیں۔ Cdo عبداللہ شاکر



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سول ڈیفنس ڈے کے موقع پر سول ڈیفنس سیالکوٹ کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد زیر قیادت چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ محمد ایوب بخاری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ عالمی سول ڈیفنس ڈے کے پروقار پروگرام کی میزبانی ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کینٹ ملک وحید نے کی۔ پروقار سیمینار کے آرگنائزر زسی ڈی او عبداللہ شاکر، اسپیکلمنگ آفیسر حافظ زکریا اقبال، ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر و ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ تھے۔ گورنمنٹ علامہ اقبال سکول کینٹ کے ایڈیٹوریم میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد ایوب بخاری کا ملک وحید کے ہمراہ استقبال کیا۔ کمانڈر محمد اسلام میر نے بطور سیکرٹری فرائض سر انجام دیئے۔ ہر دلعزیز چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ بتاتے ہوئے انتہائی مسرت ہو رہی ہے کہ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ بہترین عملی ڈیوٹی پر فارمنس کیوجہ سے پنجاب کے ٹاپ 5 شہروں میں آ رہی ہے جس کا کریڈٹ میرے تمام والنٹیئر ز کو جاتا ہے جنہوں نے باقاعدہ ڈیوٹی روسٹر و ایمرجنسی ڈیوٹی مخص گھنٹہ کے نوٹس پر اپنی باوردی شرکت یقینی بنائی علاوہ ازیں ضلع سیالکوٹ بھر میں جاری انکروچمنٹ آپریشن کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ کے ہمراہ ایمرجنسی آفیسر ڈپٹی گروپ وارڈن خواجہ عامر جاوید کی زیر نگرانی سول ڈیفنس سیالکوٹ کے باوردی اہلکاروں کا دستہ ان کے ہمراہ سیکیورٹی ڈیوٹی پر معمور رہتا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد ایوب بخاری نے دوران خطاب کہا کہ مجھے سول ڈیفنس کے عملی کردار پر فخر ہے کیونکہ سول ڈیفنس نے انکروچمنٹ آپریشنز کے دوران بااثر تجاوزات مافیا کے سامنے میرے ساتھ باقاعدہ زنجیر بنا کر سیکیورٹی ڈیوٹی کی جو چیف وارڈن سول ڈیفنس کی بات کی تصدیق ہے۔

صحت دشمن عناصر کیخلاف ضلع بھر میں کاروائیاں جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی جی فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشن لاہور ڈویژن اظہر طارق وٹو اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن شیخوپورہ غلام صابر کی زیر نگرانی صحت دشمن عناصر کیخلاف ضلع بھر میں کاروائیاں جاری ہیں پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے جعلی اور غیر معیاری کاربونیٹڈ ڈرنک سے بھرا ہوا ٹرک پکڑ لیا جس میں 15940 لیٹر جعلی اور غیر معیاری کاربونیٹڈ ڈرنکس موقع پر ضائع کر دی گئی جبکہ مالک کے خلاف مقدمہ درج کروا کر اسے گرفتار کروا دیا گیا۔

ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کے سٹاف آفیسر نوید احسن ورک کو انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کے سٹاف آفیسر نوید احسن ورک کو انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی جس پر ضلع کی سیاسی سماجی و کاروباری شخصیات نے نوید احسن ورک کو مبارک باد دیتے ہوئے ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ ترقی پانے کے بعد اپنے عہدے سے انصاف کریں گے اور بطور پولیس انسپکٹر جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی خاطر ہر ممکن کردار ادا کریں گے نوید احسن ورک کا محکمانہ ریکارڈ بے داغ رہا ہے وہ ڈی پی او آفس میں سٹاف آفیسر تعیناتی سے قبل مختلف تھانوں میں ڈیوٹی کر چکے ہیں اور اس دوران ان کے جرائم کی روک تھام اور مجرمان کی گرفتاریوں کیلئے کی گئی کاروائیاں سخن رہی ہیں۔

بڑے گوشت کی مہنگے داموں فروخت کی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کا ایکشن

اسسٹنٹ کمشنر نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے شہر کے متعدد مقامات پر بیف شاپس کی چیکنگ کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) بڑے گوشت کی مہنگے داموں فروخت کی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کا ایکشن، اسسٹنٹ کمشنر نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے شہر کے متعدد مقامات پر بیف شاپس کی چیکنگ کی اور بڑے گوشت کی مہنگے داموں فروخت کرنے والے 20 سے زائد دکانداروں کو بھاری جرمانے کیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے کہا کہ بڑے گوشت کی مہنگے داموں فروخت کے ذریعے عوامی استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور اوور چارجنگ کرنے والوں کو بھاری جرمانے کیے جائیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ قصاب جاری کردہ ریٹ لسٹوں کو نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں اور خریدار ریٹ لسٹوں کے برعکس دکانداروں کو ہرگز زائد پیسے ادا نہ کریں۔

لیسکو سب ڈویژن نارنگ ساؤتھ اور نارتھ کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن

بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر مقدمات درج کروا دیے لاکھوں روپے ریکوریاں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو سب ڈویژن نارنگ ساؤتھ اینڈ نارتھ کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن متعدد بجلی چور رنگے ہاتھوں پکڑے گئے لاکھوں روپے جرمانے کر کے مقدمات درج کر لیے گئے اسسٹنٹ منیجر لیسکو سب ڈویژن نارنگ ساوتھ عمران مبشر اور نارتھ سلمان مجید نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ نارنگ منڈی اور دیگر دیہات میں آپریشن کیا گیا ہے متعدد بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر مقدمات درج کر کے لاکھوں روپے جرمانے بھی کئے گے ہیں بجلی چور کو رعایت کسی صورت نہیں ملے گی جو بجلی چوری کرے گا اس کا کا میٹر اتار کر بجلی سے محروم کر دیا جائے گا صارفین سے گزارش ہے کہ بجلی چور آپ کا حق مارتے ہیں ان کی اطلاع ضرور دیا کریں تا کہ ان کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

عید کے بعد وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور سیکرٹری اطلاعات پنجاب سے ملاقات کی جائیگی

پریس کلب کی کابینہ کا اجلاس صدر شاہد علی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں صدر شاہد علی نے کابینہ کو بتایا کہ صحافی کالونی کیلئے جس مہم کا آغاز کیا گیا ہے اخبارات اور سوشل میڈیا پر اشتہارات چلانے کے مثبت نتائج آ رہے ہیں اور عید کے بعد وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور سیکرٹری اطلاعات پنجاب سے ملاقات کی جائیگی صحافی کالونی فیصل آباد کے ہر فلم کے مزدور کا حق ہے اور اپنے حق کو حاصل کرنے کیلئے ہم ہر حد تک جائیں گے، پریس کلب کے ممبران کی خدمت کیلئے مختلف شعبوں سے متعلق کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں ہر کمیٹی ایک مہینہ کے بعد اپنی کارکردگی پیش کریگی کمیٹیوں کا مقصد مختلف انتظامی اداروں میں ممبران کی رہنمائی کرنا اور ان کے مسائل کو حل کرنا ہے سیکرٹری سید عزادار حسین عابدی نے بتایا کہ چالیس



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) پریس کلب کی کابینہ کا اجلاس صدر شاہد علی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں صدر شاہد علی نے کابینہ کو بتایا کہ صحافی کالونی کیلئے جس مہم کا آغاز کیا گیا ہے اخبارات اور سوشل میڈیا پر اشتہارات چلانے کے مثبت نتائج آ رہے ہیں اور عید کے بعد وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور سیکرٹری اطلاعات پنجاب سے ملاقات کی جائیگی صحافی کالونی فیصل آباد کے ہر فلم کے مزدور کا حق ہے اور اپنے حق کو حاصل کرنے کیلئے ہم ہر حد تک جائیں گے، پریس کلب کے ممبران کی خدمت کیلئے مختلف شعبوں سے متعلق کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں ہر کمیٹی ایک مہینہ کے بعد اپنی کارکردگی پیش کریگی کمیٹیوں کا مقصد مختلف انتظامی اداروں میں ممبران کی رہنمائی کرنا اور ان کے مسائل کو حل کرنا ہے سیکرٹری سید عزادار حسین عابدی نے بتایا کہ چالیس سے زائد بیوگان کو راشن مہیا کیا گیا ہے اس کے علاوہ اخوت فاؤنڈیشن الخدمت فاؤنڈیشن سے بھی سینکڑوں ممبران مستفید ہو چکے ہیں جس سے ہمارے ممبران فیصل آباد کے ہر معذ

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بلاول بھٹو کی نامکمل تجویز اور قومی یکجہتی

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دہشت گردی کے خلاف قومی یک جہتی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف سے قومی سلامتی کمیٹی کا نیا اجلاس بلانے کی اپیل کی ہے۔ گورنر ہاؤس لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس خواہ ایک ماہ بعد ہی منعقد ہو لیکن کوشش کی جائے کہ اس میں سب سیاسی پارٹیاں شریک ہوں تاکہ قومی افہام وتفہیم سے تشدد کے اہم چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکے۔ گزشتہ ہفتے کے دوران قومی سلامتی کے اجلاس میں تحریک انصاف کے علاوہ تحریک تحفظ آئین پاکستان میں شامل متعدد جماعتوں نے شرکت سے انکار کیا تھا۔ اس موقع پر یہ عذر تراشا گیا تھا کہ عمران خان کو اس اجلاس میں شرکت کی دعوت نہ دینے کی وجہ سے اجلاس کا بائیکاٹ کیا جا رہا ہے۔ تاہم یہ موقف تحریک انصاف کی طرف سے اختیار کیا گیا تھا، اس سیاسی اتحاد میں شامل باقی جماعتوں نے بلوچستان میں سرکاری پالیسی سے اختلاف کی وجہ سے شریک ہونے سے معذوری ظاہر کی تھی۔ ان میں خاص طور سے محمود خان اچکزئی اور سردار اختر مینگل قابل ذکر ہیں۔ حالانکہ بلوچستان کے ان دونوں لیڈروں کو اگرچہ قومی اسمبلی میں بڑی نمائندگی حاصل نہیں ہے لیکن خانہ جنگی کی طرف بڑھتے ہوئے صوبے کے نمائندوں کے طور پر وہ قومی اتحاد کے عمل کا حصہ بن کر کسی مناسب سیاسی حل کی طرف پیش قدمی کا حصہ بن سکتے تھے۔ اس سارے معاملے کا یہ پہلو بھی حیرت انگیز ہے کہ صرف ایک روز پہلے تحریک انصاف نے نہ صرف قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کیا تھا بلکہ اس اجلاس کے لیے اپنے ارکان کے نام بھی قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو جمع کرا دیے تھے۔ البتہ جب اس کے ساتھ سیاسی اتحاد میں شریک چھوٹی جماعتوں کے لیڈروں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کو غیر ضروری قرار دینے کا موقف اختیار کیا تو تحریک انصاف نے بھی ایک نیا یوٹرن لیتے ہوئے اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ حالانکہ اپوزیشن اتحاد کی سب سے بڑی اور نمایاں سیاسی قوت ہونے کہ وجہ سے تحریک انصاف کو اپنی بات منوانی چاہیے تھی لیکن اس بڑی پارٹی کی مجبوری اور بدحواسی کا یہ عالم ہے کہ وہ چھوٹی پارٹیوں اور قومی اسمبلی میں صرف ایک نشست رکھنے والے لیڈروں کے پیچھے چلنے پر آمادہ ہے۔ وقت کے ساتھ کسی نہ کسی فورم سے یہ سوال ضرور اٹھایا جائے گا

کہ ایک ایسی پارٹی سے ملک کے عوام کیسی رہنمائی کی توقع کر سکتے ہیں جس کا کوئی واضح سیاسی موقف ہی نہیں ہے اور جو سیاسی نعرے بازی کے لیے چھوٹی پارٹیوں کو رہنما مان کر ملکی سیاست میں اپنا کردار ادا کرنے سے گریز کرتی ہے۔ حالانکہ تحریک انصاف اس وقت اگر قومی اسمبلی کی سب سے بڑی جماعت ہے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ لوگوں نے اس پارٹی پر اعتماد کرتے ہوئے انہیں ووٹ دیے ہیں۔ سیاسی مقاصد سے حالات کو خواہ جیسے بھی بیان کیا جائے لیکن اگر عوام کی حمایت سے منتخب ہونے والے ارکان کوئی سیاسی لائحہ عمل سامنے لانے اور اس کی بنیاد پر حکومت اور دیگر پارٹیوں سے معاملات طے کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ نہیں کر پاتے تو وہ درحقیقت حق نمائندگی ادا کرنے میں ناکام ہو رہے ہیں۔ عمران خان کی حراست کئی لحاظ سے سیاسی ہے اور اس حوالے سے بحث کی جا سکتی ہے۔ لیکن کیا ایک سیاسی لیڈر کی گرفتاری اور اس کے خلاف حکومتی و ریاستی طاقت کے استعمال کو اتنا بڑا مسئلہ بنا کر قومی سلوگن بنایا جا سکتا ہے کہ قومی سلامتی جیسے اہم مسائل کے بارے میں بھی بات سے گریز کیا جائے۔ تحریک انصاف نے بعینہٖ یہی رویہ اختیار کیا ہے۔ یہ تو واضح ہے کہ پارٹی قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس اور اس میں پی ٹی آئی کی شرکت کی اہمیت سے آگاہ تھی لیکن چھوٹی پارٹیوں کے دباؤ؟ میں اس نے اس اصولی موقف کو تبدیل کر لیا۔ یوں قیادت کرنے کی بجائے دوسروں کے پیچھے لگنے کو ترجیح دی۔

جمہوری شین قاف اور آمریت کا لام کاف

تحریر: وجاہت مسعود

23 مارچ کو یوم جمہوریہ کی مرکزی تقریب سے حسب روایت سربراہ مملکت آصف علی زرداری نے خطاب کیا۔ کل بارہ منٹ کی تحریری تقریر پڑھنے میں ایک دو جگہ پر انہیں الفاظ کی ادائیگی میں کچھ دقت پیش آئی۔ اس بے معنی قضیے کو لے کر سوشل میڈیا پر بیٹھے انقلابی چوزوں نے ہڑبونگ مچا رکھی ہے۔ پاک پتن کی جامعہ 'رحونیت' میں ہوش وخرد کا زر خالص ادا کر کے بے سمت دیوانگی کا سودا کرنے والا غول بیابانی ہماری تاریخ سے واقف نہیں۔

1910ء کا برس تھا۔ منٹو مارلے اصلاحات کے نتیجے میں محمد علی جناح بمبئی ریذیڈنسی سے اور ڈاکٹر سچد انند سنہا بہار سے امپیریل لیجسلیٹو کونسل کے رکن منتخب ہوئے۔ انتخاب میں قائداعظم سے شکست کھانے والے رفیع الدین اس ناکامی پر اس قدر بھنائے کہ پونا سے کلکتہ صرف یہ ثابت کرنے پہنچے کہ محمد علی جناح مسلمانوں کی نمائندگی نہیں کر سکتے۔ ڈاکٹر سچد انند سنہا نے 1949ء میں شائع ہونے والی اپنی کتاب Jinnah himKnewI as میں رفیع الدین اور قائداعظم کا مکالمہ خاصی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ موجودہ پاکستان کے زود حس پڑھنے والے اس گفتگو کا شاید ایک ہی جملہ ہضم کر سکتے ہیں۔ 'رفیع الدین نے پوچھا کہ کیا آپ اردو جانتے ہیں؟' جناح نے جواب دیا۔ 'اتنی اردو جانتا ہوں کہ اپنے ملازمین سے بات کر سکوں۔ مجھے عدالت میں اردو کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ ویسے میں گجراتی اچھی طرح جانتا ہوں'۔ سیاسی مدبر کی قامت آئینی، معاشی اور تمدنی امور کی فہم سے طے ہوتی ہے، زبان دانی سے نہیں۔ 6 ستمبر 1965ء کو الطاف گوہر کی لکھی تقریر میں ایک لفظ 'ولولہ' کا تلفظ ایوب خان نے جیسے ادا کیا تھا، وہ الطاف حسن قریشی یا شامی صاحب سے پوچھ لیجیے۔ اکتوبر 1971ء میں ایرانی شہنشاہیت کے اڑھائی ہزار سالہ جشن کے موقع پر آغا محمد یحییٰ خان نے سرِ محفل جوگل کھلائے تھے، کسی تقریر میں تلفظ کا تسامح اس سے بڑی قومی شرمندگی تو نہیں۔

دہلی میں پلے بڑھے ضیا الحق کا شین قاف بہت اچھا تھا۔ نثار عثمانی کو الٹا لٹکانے کی دھمکی فصاحت کے کس درجے میں شمار کی جائے گی۔ اگر ذاتی احترام مانع نہ ہوتا تو میں اس بزرگ صحافی کا نام بھی لکھ دیتا جنہوں نے گورنر ہاؤس میں پنجاب میں ضیا الحق کو تجویز دی تھی کہ دہشت گردی کے الزام میں گرفتار صحافی خالد چوہدری اور اس کے ساتھیوں کو پھانسی دی جائے۔ مارچ 1988ء میں جنیوا معاہدے پر دستخط سے پہلے ضیا الحق نے وزیر خارجہ زین نورانی کو خواتین وزرا کی موجودگی میں جو نگنگی گالیاں دی تھیں وہ شائستہ بیانی کا کون سا پیرایہ تھا۔ ستمبر 2005ء کو پرویز مشرف نے کینیڈا کے دورے میں خواتین کے بارے میں جس ابتذال کا اظہار کیا تھا اس کی مذمت کینیڈا کے وزیراعظم پال مارٹن نے اقوام متحدہ میں کی تھی۔ محمد خان جونیجو سندھی تھے اور قدرتی طور پر ان کا لب ولہجہ سندھی اصوات سے متاثر تھا۔ ضیا الحق کے حواری محمد خان جونیجو کے تلفظ کا مذاق اڑاتے تھے۔ تاریخی طور پر سرکار دربار کے خوان نعمت سے مستفید ہونے والے عوام کے شین قاف کا ٹھٹھا اڑاتے آئے ہیں لیکن صاحب اقتدار کے لام کاف کو شیر مادر سمجھ کر پی جاتے ہیں۔ عمران خان نادیدہ کندھوں پر سوار ہو کر حلف اٹھانے وزیراعظم ہاؤس پہنچے تو اپنا شناختی کارڈ بنی گالا بھول آئے تھے۔ حلف اٹھانے کے لیے کھڑے ہوئے تو یہ معلوم نہیں ہو رہا تھا کہ عینک کس جیب میں رکھی ہے۔ بعض ایسے لفظوں کا تلفظ ادا نہیں کر سکے جو بعد میں 'اسلامی ٹچ' کا متن قرار پائے۔ مرنجاں مرنج ممنون حسین نے بار بار حلف کے الفاظ ادا کرنے میں عمران خان کی مدد کی۔

اب کچھ ذکر زرداری صاحب کی طلاقت لسانی کا ہو جائے۔ 17 اور 18 مئی 1999ء کی درمیانی رات پولیس نے خبر دی کہ آصف علی زرداری نامی قیدی نے خودکشی کی کوشش کی ہے۔ پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ زرداری صاحب پر تشدد کیا گیا ہے۔ خودکشی کی یہ منفرد کوشش تھی کہ قیدی نے اپنی زبان پر زخم لگائے تھے۔ اگر طبع نازک اجازت دے تو بی بی سی کے اسلام آباد میں رپورٹر Owen Jones-Bennett کی 18 مئی 1999ء کی رپورٹ دیکھ لیجیے۔ زرداری صاحب کی سیاست میں سندھ کے تحمل اور بلوچ روایت کے داؤ؟ پیچ کا آمیختہ پایا جاتا ہے۔ انہوں نے اس تشدد کی پولیس رپورٹ فروری 2005ء میں عین اس روز درج کروائی جب وہ بینظیر بھٹو کے ہمراہ میاں نواز شریف سے ملاقات کرنے جدہ پہنچ رہے تھے۔

غزل

وہ ساری عمر کشتی کو کنارے پر نہ لا پائے
ہوا کے زور سے لڑ کر جو اس کو نہ چلا پائے
کبھی ماہی، کبھی سیپی، کبھی موتی کی چاہت میں
یہ دل ملاح ہے، یہ جال سے آگے نہ جا پائے
مجھے ڈر ہے کہ محشر میں کہیں جبرئیل نہ کہہ دے
یہی وہ لوگ ہیں جو خود کو خود سے نہ بچا پائے
اُسے حق ہی کہاں ہے کہ گِلہ رب سے کرے کوئی
جو اُس کی ہر رضا پر اپنے سر کو نہ جھکا پائے
وہ سنتا حالت دل تو قسم سے جان دے دیتا
مگر ہم بات کو تاثیر تک ہرگز نہ لا پائے

ارم یسین (ٹوبہ ٹیک سنگھ)

پاکستانی خواتین صنف آہن ہیں

تحریر: شاہ زمان بھنگر

چولستان کے بنجر صحرا کو آباد کرنے کے لیے کینالز بنانے کا کام زور وشور سے جاری ہے، اطلاعات ہیں کہ بیرون ملک سے سرمایہ کاروں کو دعوتیں دی جا رہی ہیں، ملک کے امیر اور مراعات یافتہ شخصیات کو مخصوص مدت کے لیے پانچ پانچ ہزار ایکڑ رقبہ دیا جا رہا ہے، واحد شرط یہ ہے کہ مقررہ مدت میں سارا رقبہ آباد کرنا ہے، ٹیوب ویلز، ڈرپ اریگیشن اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنانا ہوگا، مزدور لانے ہوں گے، کھیت اگانے ہوں گے۔ یہ ایک طرف کی پالیسی اور خواب ہیں، طاقت ہے، اقتدار ہے، سب کچھ ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ سب غیر آئینی یا غیر قانونی نہیں ہو رہا لیکن بدنیتی سے ضرور ہو رہا ہے، کیونکہ اس متنازع منصوبے کو نگران دور میں وفاقی حکومت نے چنیدہ لوگوں کی ربر اسٹیمپ نگران حکومت سندھ کی منظوری سے آئینی وقانونی تحفظ دلایا ہے تاکہ پیپلز پارٹی یا کسی اور سیاسی جماعت کو یہ کہنے کی ضرورت نہ رہے کہ یہ کالک انھوں نے اپنے چہرے پر ملی ہے۔

9 جولائی 2024 کو صدر آصف زرداری کی زیر صدارت اجلاس میں چھ کینالز بنانے کی منظوری دی گئی، جن میں سے کچھی کینال منصوبے پر پہلے سے کام جاری ہے، رینی کینال اور تھر کینال منصوبوں کا تعلق سندھ سے ہے، وہ قابل عمل ہی نہیں، مگر تین کینالز پنجاب کی بنجر زمینوں کو سیراب کرنے کے لیے بنائے جا رہے ہیں، جن میں چشمہ رائٹ بینک کینال، گریٹر تھل کینال اور چولستان کینالز، مذکورہ تین کینالز پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ ان کی شروعات تو دریائے ستلج سے دکھائی جا رہی ہے مگر چونکہ ستلج میں پانی کی مقدار کم ہے، اس لیے آگے چل کر دریائے سندھ کا پانی لے کر ان علاقوں کو سیراب کرنا لازمی ہو جائے گا۔

رینی کینال اور تھر کینال بظاہر ایسا لولی پاپ ہیں جن کا حقیقت بننا مشکل ہے کیونکہ جب چشمہ سے پہلے چار کینالز کے لیے 19 لاکھ کیوسک پانی نکال لیں تو سندھ کے لیے پانی بچتا ہی نہیں، پہلے سے آباد زمینوں کو پانی نہیں ملے گا تو نیا کینال بنانا کیسے ممکن ہوگا؟

پیپلز پارٹی اس بات کی تو کوئی وضاحت نہیں کرتی مگر سندھ کے حکمران کمال ڈھٹائی سے کہتے نظر آتے ہیں کہ وہ یہ کینال بننے نہیں دیں گے۔ پارلیمنٹ میں اس منصوبے کے خلاف تقاریر تو کرتے ہیں مگر کوئی قرارداد تک نہیں لاتے، بلاول بھٹو نون لیگ کی حکومت سے ناراضگی کی بات تو کرتے ہیں مگر اس مسئلے پر قانون سازی کی کوئی بات نہیں ہوتی۔

دوسری طرف سندھ کے غریب، کمزور، بے روزگار، ننگے پیر لوگ ہیں جن کے پاس یا تو پہلے سے زمین نہیں، یا بہت کم اراضی ہے مگر مملکت خداداد پاکستان میں ایک ہی چیز ہے اپنی دھرتی، جس کو وہ آباد اور سرسبز دیکھنا چاہتے ہیں۔

سندھ کے لوگوں کا کہنا ہے کہ دریائے سندھ کا پانی روک لیا جائے گا تو لوگ پانی کی بوند بوند کو ترسیں گے، ڈیلٹا تباہ ہو جائے گا، سمندر زمین کو نگلنے کا عمل تیز کر دے گا اور سندھ میں انسان تو کیا چرند پرند کا رہنا بھی ممکن نہیں رہے گا۔ اس لیے یہ مسئلہ سندھ کی بقا کا مسئلہ ہے۔ کوئی بھی دانشور اسلام آباد، لاہور یا کسی اور بڑے شہر میں بیٹھ کر سندھ کی نفسیات اور سیاست کو سمجھ ہی نہیں سکتا کیونکہ ان کے پاس سمجھنے کا ایک ہی پیمانہ ہے، الیکشن، باوجود اس کے کہ سب جانتے ہیں کہ ملک میں الیکشن کس طرح ہوتے ہیں، ہر بار الیکشن چرانے کے لیے نت نئے طریقے ایجاد ہوتے ہیں مگر ہمارا سوٹڈ بوٹڈ دانشور یہی سمجھتا ہے کہ ہر بار ایک ہی سیاسی جماعت الیکشن جیت کر آتی ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ سندھ کے لوگ تو مرتے مر جائیں گے، بھٹو کا قرض چکاتے نسلیں برباد ہو جائیں گی مگر کبھی کسی اور کو ووٹ نہیں کریں گے۔

اقتداری ایوانوں تک رسائی رکھنے والا سندھ کا دانشور طبقہ بھی کسی نہ کسی حد تک مراعات یافتہ ہے اور وہ کھل کر سندھ کی کمپنی سرکار کے خلاف نہ بات کرتا ہے، نہ رائے کا ایمانداری سے اظہار کرتا ہے۔

اگر آپ سندھ کو سمجھنا چاہتے ہیں تو کبھی حیدرآباد سے آگے کا سفر کریں، لوگوں سے ملیں، ان کو یقین دلائیں کہ آپ سچ جاننا چاہتے ہیں، پھر شاید آپ حقائق کی کھوج لگانے میں کسی حد تک کامیاب ہو جائیں۔

اس وقت سندھ میں ایک ہی پارٹی اقتدار میں ہے، شہروں میں کسی حد تک ایم کیو ایم، پی ٹی آئی، جماعت اسلامی موجود ہیں، دیہی علاقوں میں جے یو آئی کے اثر ورسوخ میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے مگر عملی طور پر اپوزیشن نہیں ہے۔ بہت سارے حلقوں میں پیپلز پارٹی کے خلاف امیدوار ہی نہیں، وجہ یہ ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہر مخالف کو اپنے اندر جذب کر لیا ہے، اب ہر حلقے کا امیدوار اس ڈر سے سہما ہوا ہے کہ کہیں اس کی کوئی بات بڑے صاحبان کو بری لگی تو ٹکٹ روایتی مخالف کو مل جائے گا جواب پارٹی کا حصہ ہے۔

عدم تحفظ کا یہ احساس وزیراعلیٰ سندھ تک پھیلا دیا گیا ہے، وہاں بھی دو سے تین رہنمانہ صرف شیروانیاں سلوا کر بیٹھے ہیں بلکہ لابنگ میں بھی مصروف ہیں۔ اس لیے سندھ کے ارکان اسمبلی اپنا وجود بچانے کے لیے خوشامدی بن کر اخلاقی ونفسیاتی پستیوں میں چلے گئے ہیں۔ ان سے جب عوام کینالز کا سوال پوچھتے ہیں تو وہی روایتی جملے بول دیتے ہیں کہ بلاول صاحب نے اور سی ایم صاحب نے کہا ہے کینالز نہیں بنیں گے، تو نہیں بنیں گے

سندھ میں اپوزیشن کا نہ ہونا شاید اسمبلی یا حکومت چلانے میں حکمرانوں کو آسان لگتا ہو مگر یہ اس لحاظ سے بہت خطرناک ہے کہ پی پی مخالف جذبات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور غم وغصے سے بھرے نوجوانوں کے پاس قیادت کوئی ہے نہیں۔ وہ شاہ لطیف کا کلام پڑھتے ہیں جس کا مفہوم ہے کہ جنگ میں جاؤ؟ تو بھی پیٹھ پر گھاؤ؟ لے کر مت مرنا، میت کے چہرے پر زخم ہوں تو ماں بھی انہیں دیکھ کر مطمئن ہو جاتی ہے کہ شہید بھاگا نہیں۔

خواجہ احمد حسان دلوں کا حکمران

پاکستان کی سیاست میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جو بغیر کسی عہدے کے بھی ہو تو عوام کا ان پر اعتماد کا لازوال رشتہ قائم رہتا ہے لاہور پاکستان کا دل ہے جہاں کی سیاست سب سے مشکل ہے لیکن عوامی لیڈر خواجہ احمد حسان نے اپنے کاموں سے ثابت کیا ہے کہ وہ لاہوریوں کے دلوں پر حکمرانی کرنے والے نیشنل ہیرو ہیں خواجہ احمد حسان کے سینے پر لاہور کی خدمت کے بے شمار تمغے ہیں انکے ہاتھوں پایہ تکمیل تک پہنچنے والے دو منصوبوں میٹرو بس اور اورنج لائن نے تو دنیا بھر میں دھوم مچائی اگر ملک کے باقی سیاستدان بھی خواجہ صاحب کے مقابلہ میں 50 فیصد کام کر لیں تو یقین مانیں پاکستان واقعی پیرس بن سکتا ہے لیکن بدقسمتی سے اپنے آپ کو عوام سیاستدان کہلانے والے خواجہ احمد حسان کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہیں ایک اچھا سیاستدان وہ ہوتا ہے جو عوام کے ہر وقت قریب رہے خواجہ صاحب کے بارے میں کچھ لکھنے سے پہلے ایک اچھے سیاستدان کی تعریف بتا دوں کہ وہ کیسے عوام کا محبوب قائد بن سکتا ہے ایک خوبصورت عوامی سیاستدان وہ ہوتا ہے جو نہ صرف اپنی ظاہری شخصیت سے دلکش ہو بلکہ اس کے ساتھ ساتھ عوام کے دلوں میں بھی اپنی جگہ بنائے ایسے سیاستدانوں کی کچھ خاص خوبیاں ہوتی ہیں جو انہیں دوسروں سے ممتاز کر کے عوامی سیاستدان بناتی ہیں ایسا سیاستدان عوام سے قریبی تعلق رکھتا ہو وہ عوام کی بات سنتا ہو عوام کے درمیان رہتا ہو ان کی خوشی اور غمی میں شریک ہوتا ہو اور ان سے براہ راست رابطے میں ہو ان کے مسائل کو سمجھتا ہو اور ان کے حل کے لیے کوشش کرتا ہو ایسے سیاستدانوں میں عوامی خدمت کا جذبہ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے وہ اپنی ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتے ہیں وہ اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہیں اور عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہیں وہ خوش اخلاق، ملنسار اور ہمدرد ہوتے ہیں اور لوگوں سے احترام سے پیش آتے ہیں ایسے عوامی خدمتگار سیاستدان کی شخصیت میں ایک خاص قسم کی کشش ہوتی ہے جو لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے بلاشبہ ان میں مضبوط قائدانہ صلاحیتیں ہوتی ہیں جو انہیں مشکل حالات میں بھی درست فیصلے لینے میں مدد کرتی ہیں کامیاب اور عوامی سیاستدان اپنی ٹیم کو ساتھ لے کر چلتے ہیں اور انہیں بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتے ہیں ایسے سیاستدان شفاف اور ایماندار بھی ہوتے ہیں وہ اپنے فیصلوں اور اقدامات میں عوام کو شامل کرتے ہیں اور ان سے کچھ نہیں چھپاتے وہ مالی معاملات میں بھی شفافیت برقرار رکھتے ہیں اور عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہیں وہ خوش اخلاق، ملنسار اور



میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

ہمدرد ہوتے ہیں اور لوگوں سے احترام سے پیش آتے ہیں ایسے عوامی خدمتگار سیاستدان کی شخصیت میں ایک خاص قسم کی کشش ہوتی ہے جو لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے بلاشبہ ان میں مضبوط قائدانہ صلاحیتیں ہوتی ہیں اور کسی قسم کی بدعنوانی میں ملوث نہیں ہوتے اس کے ساتھ ساتھ عوامی سیاستدان کو تعلیم یافتہ، ملک اور دنیا کے حالات سے باخبر ہونا چاہئے اسے اپنی عوام کے مسائل اور ضروریات کا علم ہونا چاہئے پاکستان میں بہت سے سیاست دانوں نے اپنی خوبصورت عوامی سیاست سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی ہے ان میں میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف، محترمہ بینظیر بھٹو، آصف علی زرداری، خواجہ احمد حسان، محترمہ مریم نواز شریف، حمزہ شہباز اور پاکستان تحریک مساوات پارٹی کی سربراہ میڈم مسرت شاہین جیسے نام شامل ہیں جبکہ عبدالستار ایدھی نے عوامی خدمت میں بے مثال نام کمایا اگر میں یہ کہوں کہ ایک خوبصورت عوامی سیاستدان وہ ہوتا ہے جو عوام کی خدمت کو اپنا مشن بناتا ہے اور پھر ہمیشہ ان کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتا ہے بلاشبہ خواجہ احمد حسان میں یہ تمام خصوصیات پائی جاتی یہی وجہ ہے کہ آج اورنج لائن کی خوبصورتی کو دیکھ کر خواجہ صاحب کی بے انتہا محنت، لگن اور ہمت کی داد دینا پڑتی ہے ان کی سیاسی زندگی مختلف عہدوں اور ذمہ داریوں سے عبارت ہے خاص کر لاہور شہر کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے ان کی کوششیں نمایاں ہیں خواجہ احمد حسان نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا کہ آج اورنج لائن کی خوبصورتی کو دیکھ کر خواجہ صاحب کی بے انتہا محنت، لگن اور ہمت کی داد دینا پڑتی ہے ان کی سیاسی زندگی مختلف عہدوں اور ذمہ داریوں سے عبارت ہے خاص کر لاہور شہر کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے ان کی کوششیں نمایاں ہیں خواجہ احمد حسان نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا انہوں نے مختلف ادوار میں پارٹی کے لیے اہم کردار ادا کیا اور عوامی خدمت کے جذبے سے کام کیا وہ لاہور شہر کی سیاست میں ایک فعال شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں عوامی خدمت کی اسی جذبے کی وجہ سے وزیراعظم شہباز شریف نے خواجہ احمد حسان کو لاہور میں اپنا کوآرڈینیٹر بنا رکھا ہے تاکہ عوام کے مسائل عوام کی دہلیز پر ہی حل ہو سکیں اسکے ساتھ ساتھ خواجہ احمد حسان بطور کوآرڈینیٹر لاہور سمیت پنجاب بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ کریں گے اور رپورٹ وزیراعظم کو پیش کیا کریں گے خواجہ احمد حسان نے لاہور شہر کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف منصوبوں میں حصہ لیا ہے انہوں نے مقامی حکومت میں بھی اہم عہدوں پر کام کیا جہاں انہوں نے شہری مسائل کے حل کے لیے کوششیں کیں ان کی سیاسی زندگی میں عوامی خدمت کا عنصر ہمیشہ نمایاں رہا ہے یہی وجہ ہے کہ آج ہر سیاسی پارٹی کا ورکر انہیں اپنا لیڈر تسلیم کرتا ہے اور انکی کی پورے لاہور میں کہیں بھی کسی جگہ مخالفت نہیں ہے اگر انکے کچھ مخالف ہیں بھی تو انکی اپنی پارٹی کے اندر ہی ہیں جو انکے کاموں سے جلن محسوس کرتے ہیں خواجہ احمد حسان کی ایک اور بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ ان کے پاس آنے والا سائل بغیر کسی لگی لپٹی کے اپنا مدعا بیان کر دیتا ہے اور پھر خواجہ صاحب بغیر کسی جان پہچان اور پارٹی وابستگی کے اسکے کام کے لیے متعلقہ افسر کو ٹیلی فون کر کے یوں کہتے ہیں کہ جیسے یہ انکا اپنا ذاتی کام ہو میں نے آج تک کسی شخص کو خواجہ احمد حسان سے ملاقات کے بعد افسردہ نہیں دیکھا بلکہ روتے ہوئے آنے والے جب ان سے رخصت ہوتے ہیں تو ایسے مطمئن جاتے ہیں جیسے انہیں کوئی مسئلہ تھا ہی نہیں خواجہ صاحب اس وقت نہ صرف لاہور کی ہر دلعزیز شخصیت ہیں بلکہ پورے ملک میں انکا نام کا ڈنکا جب رہا ہے میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کے حالات چند دنوں میں ٹھیک ہو سکتے ہیں اگر اوپر بیٹھے افراد خواجہ احمد حسان کو ذمہ داری دیں کیونکہ انکے بیٹھے بول میں وہ جادو ہے جو لاٹھی اور گولی والوں کے پاس بھی نہیں خواجہ صاحب مشکل سے مشکل کام کو بھی اپنی خوبصورت سیاسی بصیرت سے حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں شرط یہ ہے کہ انہیں پوری آزادی دی جائے اسکے بعد بلوچستان والے اپنی محرومیوں کو ختم ہوتا اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھیں گے کیونکہ خواجہ احمد حسان نے بلوچستان کا ہر شہر لاہور بنا دینا ہے کیونکہ خواجہ احمد حسان آج کے دور کا ولی ہے جو عوام کے دلوں میں بستا ہے

خواب، محبت اور زندگی (4)

تحریر: مہناز رحمان

امی ہمیشہ اپنے والد یعنی ہمارے نانا کو یاد کر کے اداس ہو جاتی تھیں۔ "ابھی میں نے ٹھیک طرح سے ہوش بھی نہیں سنبھالا تھا کہ وہ ہمیں چھوڑ کر چلے گئے۔" لیکن بچپن کی کچھ خوشگوار یادیں بھی ان کے ساتھ رہتی تھیں۔ اپنی سہیلیوں کا ذکر وہ بہت محبت بھرے انداز میں کرتی تھیں خاص طور پر دو سکھ بہنوں کلونت کور اور بلونت کور کا جن کے ساتھ ان کا زیادہ وقت گزرتا تھا۔ "سکھ، ہندو، مسلمان برادریوں کے آپس میں بہت اچھے تعلقات تھے پھر اچانک نہ جانے کیا ہوا۔" ان کے الفاظ میں مجھے اقبال کی شاعری کی بازگشت سنائی دیتی تھی جنہوں نے کہا تھا:

"یا باہم پیار کے جلسے تھے۔ دستور محبت قائم تھا
یا بحث میں اردو ہندی ہے، یا قربانی یا جھٹکا ہے"

میں اکثر سوچتی ہوں کہ میرے نانا کی جوانمرگی نے میری ماں کی زندگی کو اور پھر میری زندگی کو بھی ایک نیا رخ، ایک نئی جہت عطا کی۔ امی کو یاد نہیں تھا کہ ان کا انتقال کس سال میں ہوا؟ کیا یہ وہی سال تھا جب گاندھی اور جناح معاملات کو حل کرنے اور محبت، ہم آہنگی اور رواداری کا پرچم سربلند رکھنے کی آخری کوشش کر رہے تھے۔ پارٹیشن سے بیس یا پچیس سال پہلے گجرات کے ان دو قد آور سپوتوں نے اپنی زندگی کے مختلف ادوار میں ہندو مسلم اتحاد کے لئے گراں قدر کوششیں کی تھیں۔ یہ راہ سب کے لئے ہی دشوار گزار تھی۔ ماضی میں جھانک کر دیکھیں تو ہم سب اپنے اپنے دلن یا ہیرو تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن صورت حال اس سے کہیں زیادہ پیچیدہ تھی۔

یہ صحیح ہے کہ مسلم لیگ میں شامل ہونے والے زمیندار اور جاگیردار موقع پرستی اور بزدلی کا مظاہرہ کرتے تھے اور انہیں نوآبادیاتی نظام سے اس وقت تک مسئلہ نہیں رہا جب تک کہ ان کے مفادات کی حفاظت ہوتی رہی۔ ہندو مہاسبھا کی جنونیت نے بھی عام مسلمانوں کو خوف زدہ کر دیا تھا۔ مصالحت اور مفاہمت کی کوششیں کئی مرتبہ دونوں طرف کے دائیں بازو کے مذہبی جنونی عناصر کی وجہ سے ناکام ہوئیں۔ لیکن کبھی کبھی یہ کوششیں گاندھی، جناح، نہرو اور دیگر رہنما و؟ں کی کوتاہیوں کی وجہ سے بھی ناکام ہوئیں۔ یہ سب بلاشبہ غیر معمولی لوگ تھے لیکن خامیوں سے مبرا نہیں تھے۔ تاریخ کا ہر طالبعلم جانتا ہے کہ مسلمانوں اور ہندو و؟ں کے درمیان مصالحت کے ہزاروں سنہرے مواقع ضائع کیے گئے۔ بہرحال لگتا یہی ہے کہ تاریخ اور حالات، عوام اور رہنما، اپنے وسوسوں اور اناو؟ں کے ساتھ پاکستان کی پیدائش اور اس لئے میری پیدائش کی سازش کر رہے تھے۔

میرے والد۔ دی ہیرو

اس "سازش" کا دوسرا لازمی حصہ دہلی کا ایک انیس سالہ خوش شکل نوجوان تھا جو شارٹ ہینڈ اور ٹائپنگ میں ماہر، انگریزی رسالے پڑھنے کا شوقین تھا۔ اسے بھی یہ فیصلہ کرنا تھا کہ وہ مسلمانوں کے لئے بنائے گئے

پاکستان بھر میں دہشت گردی کی مذمت

تحریر: محمد رضوان خان

پاکستان خطے پر وہ نظریاتی مملکت ہے جسکی قرارداد 23 مارچ 1940 کو منٹو پارک (موجودہ مینار پاکستان) پر منظور ہوئی تھی۔ سرسید احمد خان نے دو قومی نظریہ اور علامہ اقبال شاعر مشرق نے مملکت خداد پاکستان کا خواب دیکھا۔ پاکستان بننے میں 20 لاکھ جانوں کی قربانی دی گئی۔ مسلم اقلیتی صوبوں سے ہجرت کر کے آنے والے مسلمان جو بٹ کے رہے گا ہندوستان۔۔۔ لے کر رہیں گے پاکستان کے نعرے پر کٹے۔ لٹے۔ خواتین کی عزتیں پامال ہوتے۔ ماؤں اور بہنوں اور ہے کہ ہم نے کلکتہ اسی لئے نہیں دیا تھا کہ ہمیں پاکستان میں بنگالیوں کو الگ کرنا تھا مجیب الرحمان انکا ایجنٹ اور اسکی بیٹی بڑی ایجنٹ بنی۔ لیکن آج انکے اعمال سامنے آگئے ہیں اور دو قومی نظریئے کے خالق اور پاکستان کی مخالفت کرنے والے آج مسلمانوں کا گجرات کے قصائی مسلمانوں کے قاتل عالمی شہرت یافتہ دہشت گرد نریندر مودی اور ہندوتوا نظریات اقلیتوں پر مظالم اور ان پر زمین تنگ کرنے کے عمل ک

قوت

SPORTS



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان تمیم اقبال کی انجیو پلاسٹی کر دی گئی

دوران میچ دل کا دورہ پڑا تھا، تمیم اقبال ڈینجر زون سے نکل چکے، حالت بہتر ہونے لگی

ڈھاکہ (زیڈ این این) بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان تمیم اقبال کی انجیو پلاسٹی کر دی گئی انہیں گزشتہ روز دوران میچ دل کا دورہ پڑا تھا۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان تمیم اقبال جنہیں گزشتہ روز ڈھاکا پریمیئر لیگ کے میچ میں فیلڈنگ کرتے ہوئے دل کا دورہ پڑا تھا، ان کی اسپتال میں انجیو پلاسٹی کر دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق تمیم اقبال کو انجیو پلاسٹی کے بعد انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ تمیم اقبال کی طبیعت بہتر ہونے لگی۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق تمیم اقبال انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں ہیں اور اب ریکوری کی جانب بڑھ رہے ہیں، اگلے 24 گھنٹے اب بھی اہم ہیں۔ تمیم اقبال ڈینجر زون سے نکل چکے، انہوں نے گزشتہ شب فیملی ممبر کے سہارے ہلکی موومنٹ بھی کی تھی، ان کا حکومتی سطح پر بھی خیال رکھا جا رہا ہے۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق اگر کوئی پیچیدگی نہ ہوئی تو اگلے 24 گھنٹوں میں تمیم مزید بہتر ہوں گے، وہ گراؤنڈ میں ہی کوما میں چلے گئے تھے، سپورٹ اسٹاف نے ان کا سی پی آر کیا تھا۔ یاد رہے کہ تمیم اقبال کو گزشتہ روز ڈھاکا پریمیئر لیگ کے میچ کے دوران دل کا دورہ پڑا تھا جس کے بعد ایمرجنسی میں مقامی اسپتال میں ان کی انجیو پلاسٹی کی گئی تھی۔

جوفرا آرچر نے آئی پی ایل کی تاریخ کا ناپسندیدہ ریکارڈ بنا دیا

نئی دہلی (زیڈ این این) انگلش فاسٹ بولر جوفرا آرچر مہنگا ترین اسپیل کر کے آئی پی ایل کا تاریخ کا ناپسندیدہ ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ آئی پی ایل 2025 میں گزشتہ روز راجستھان رائلز اور سن رائزر حیدرآباد کا میچ کھیلا گیا، سن رائزر حیدرآباد کے بیٹرز نے راجستھان رائلز کے بولرز کی جم کر دھلائی کی اور مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 286 رنز بنا کر آئی پی ایل کی تاریخ کا دوسرا بڑا اسکور بنایا۔ راجستھان رائلز کے فاسٹ بولر جوفرا آرچر نے آئی پی ایل کی تاریخ کا مہنگا ترین اسپیل کروایا۔ آرچر نے مقررہ چار اوورز میں بغیر کوئی وکٹ لیے 76 رنز دیے جو آئی پی ایل کی تاریخ میں کسی بھی بولر کی جانب سے سب سے مہنگا اسپیل ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل گزشتہ سال گجرات ٹائٹنز کے بولر موہت شرما نے دہلی کیپٹلز کے خلاف 4 اوورز میں 73 رنز دیے تھے۔ سن رائزرز حیدرآباد کے 287 رنز کے تعاقب میں راجستھان رائلز کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 242 رنز بنا سکی۔ آرچر نے مقررہ چار اوورز میں بغیر کوئی وکٹ لیے 76 رنز دیے جو آئی پی ایل کی تاریخ میں سب سے مہنگا اسپیل ہے

سیریز ہارے ہیں، کسی ٹورنامنٹ سے آؤٹ نہیں ہوئے: بولنگ کوچ اظہر محمود

ایک بولر اچھی بولنگ کرتا ہے تو دوسرا اس طرح پرفارمنس نہیں دیتا: کوچ کی گفتگو

لاہور (آفاق دھاریوال) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بولنگ کوچ اظہر محمود کا کہنا ہے کہ فاسٹ بولرز کی کارکردگی انفرادی ہو رہی ہے، بحیثیت بولنگ یونٹ نہیں ہو رہی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک بولر اچھی بولنگ کرتا ہے تو دوسرا اس طرح پرفارمنس نہیں دیتا، تین کے تین بولرز ایک ساتھ پرفارم کریں تو اچھا ہوگا۔ بولنگ کوچ کا کہنا تھا کہ ایک میچ میں حارث نے بہت اچھی بولنگ کی، باقی نہیں کر سکے، نوجوانوں پر مشتمل ٹیم ہے، کھلاڑیوں کی انجری اور فائٹ اسپرٹ سب نے دیکھ لی، سیریز ہار گئے ہیں کسی ٹورنامنٹ سے آؤٹ نہیں ہوئے، ماڈرن ڈے کرکٹ میں اب 160 اسکور نہیں ہوتا، 180 یا 200 پلس ہی ہوتا ہے۔ اظہر محمود کا کہنا تھا کہ شاہین آفریدی بدقسمت رہے ان کی گیند پر ناپ ایج ہوئے لیکن وکٹ نہیں ملی، نیوزی لینڈ آئے تو بہت چیلنجز کا سامنا تھا، کوشش ہوگی سیریز 3-2 کر کے جائیں، بیٹرز کو باؤنس اور پیس کا سامنا تھا، ماضی کی نسبت اب زیادہ باؤنس ہوتی ہے۔ بولنگ کوچ کا کہنا تھا کہ بیٹر کو بتایا کہ پیس کے ساتھ لڑنا نہیں ہے اس کو استعمال صحیح کرنا ہے، بولرز کو بھی بتایا کہ یہاں اس طرح کی لینتھ رکھنی ہے، ابرار کو آٹھ میچز ملے ہیں جو زیادہ نہیں ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کا آخری میچ بدھ کو کھیلا جانا ہے، جب کہ قومی ٹیم سیریز ہار چکی ہے۔



پاکستان کے حسن نواز آک لینڈ کے ایڈن پارک گراؤنڈ میں نیوزی لینڈ اور پاکستان کے درمیان تیسرے بین الاقوامی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ کے دوران ایک شاٹ کھیلتے ہوئے (مائیکل بریڈلی/اے ایف پی)

ہربھجن سنگھ کے جوفرا آرچر کے خلاف نسلی ریمارکس پر تنازع کھڑا ہو گیا

نئی دہلی (زیڈ این این) سابق بھارتی کرکٹر ہربھجن سنگھ کے انگلش فاسٹ بولر جوفرا آرچر کے خلاف نسلی ریمارکس پر تنازع کھڑا ہو گیا۔ آئی پی ایل 2025 کے میچ میں کمنٹری کے دوران ہربھجن سنگھ نے جوفرا آرچر کے بارے میں نسلی تعصب پر مبنی الفاظ استعمال کیے اور کہا کہ کالی ٹیکسی کا میٹر تیز بھاگتا ہے اور یہاں پر آرچر صاحب کا میٹر بھی تیز بھاگا ہے۔ ایک صارف نے لکھا کہ 'ہربھجن سنگھ نے ابھی ابھی جوفرا آرچر کو ایک سیاہ ٹیکسی ڈرائیور کہا جس کی قیمت زیادہ میٹر ہے، یہ گھٹیا اور نفرت انگیز ہے۔ ایک اور صارف نے کہا کہ 'شرم، شرم، شرم'۔ دوسروں نے ہربھجن کو ان کے الفاظ پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ تیسرے صارف نے سوال کیا کہ 'کیا ہربھجن خود کو سفید فام آدمی سمجھتے ہیں، بہت عجیب، بہت افسوسناک ہے۔' واضح رہے کہ ہربھجن سنگھ پہلے بھی نسلی طور پر تبصروں کی وجہ سے تنقید کا سامنا کر چکے ہیں انہوں نے ابھی تک اس تنازع پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ 'ہربھجن سنگھ نے ابھی ابھی جوفرا آرچر کو ایک سیاہ ٹیکسی ڈرائیور کہا جس کی قیمت زیادہ میٹر ہے، یہ گھٹیا اور نفرت انگیز ہے' صارف

یشنل ٹی ٹوئنٹی کپ، پشاور اور لاہور بلیوز کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

سیمی فائنل میں پشاور کا مقابلہ ایبٹ آباد جبکہ دوسرا سیمی فائنل لاہور بلوز اور ملتان کے درمیان کھیلا جائے گا

فیصل آباد (ازیڈ این این) نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ، پشاور اور لاہور بلیوز کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئیں۔ اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے چوتھے کوارٹر فائنل میں لاہور نے سیالکوٹ کو 33 رنز سے شکست دیدی۔ اس سے قبل تیسرے کوارٹر فائنل میں پشاور نے فیصل آباد کو 3 وکٹوں سے ہرایا۔ چوتھے کوارٹر فائنل میں سیالکوٹ نے ٹاس جیت کر لاہور کو بیٹنگ دی جو 20 اوورز میں 184 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عمر صدیق نے 3 چھکوں اور 6 چوکوں کی مدد سے 65 رنز بنائے۔ حسن علی نے 42 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ اسامہ میر نیدو کھلاڑی آؤٹ کیے۔ سیالکوٹ کی ٹیم 19 ویں اوور میں 151 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ مرزا طاہر بیگ نے 5 چوکوں اور 5 چھکوں کی مدد سے 77 رنز اسکور کیے۔ حسن علی نے تین چھکوں اور ایک چوکے کی مدد سے 25 رنز بنائے۔ حسین طلعت۔ نثار احمد اور محمد رضوان نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ عمر صدیق پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔ تیسرے کوارٹر فائنل میں فیصل آباد نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں پر 138 رنز بنائے۔ علی شان نے 51 رنز اسکور کیے۔

مجھے 6 ماہ دیں ارجن ٹنڈولکر کو دنیا کا عظیم ترین بیٹر بنا دوں گا' یوگراج سنگھ

سچن کے بیٹے کا ٹیلنٹ باؤلر بننے کی کوشش میں ضائع ہو رہا کیونکہ اس کے پاس بلے باز کے طور پر بڑا بننے کا گر ہے' انٹرویو

نئی دہلی (زیڈ این این) یوراج سنگھ کے والد اور سابق بھارتی کرکٹر یوگراج سنگھ نے کہا ہے کہ مجھے 6 ماہ کا وقت دیں ارجن ٹنڈولکر کو دنیا کا عظیم بیٹر بنا دوں گا۔ یوگراج سنگھ کو بھارت میں ایک مشکل ٹاسک ماسٹر کے طور پر دیکھا جاتا ہے جبکہ ابھرتے ہوئے کرکٹرز کے اندر سے وہ ان کی صحیح صلاحیت نکالنے کے لیے بھی جانے جاتے ہیں، وہ اپنی اکیڈمی نوجوان کرکٹرز کی رہنمائی کرتے ہیں۔ بھارت کے سابق آل راؤنڈر کے والد یوگراج سنگھ کا خیال ہے کہ سچن ٹنڈولکر کے بیٹے ارجن ٹنڈولکر میں دنیا کا عظیم ترین بلے باز بننے کی صلاحیت ہے۔ ایک پوڈ کاسٹ میں بات کرتے ہوئے یوگراج نے کہا کہ سچن ٹنڈولکر کے بیٹے کا ٹیلنٹ باؤلر بننے کی کوشش میں ضائع ہو رہا ہے کیونکہ اس کے پاس بلے باز کے طور پر بڑا بننے کا گر ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اگر ارجن ٹنڈولکر ان کے پاس کوچنگ کے لیے آتے ہیں تو وہ انہیں دنیا کے عظیم ترین بلے باز میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ارجن ٹنڈولکر نے رنجی ٹرافی میں گوا کی نمائندگی کرنے سے قبل کچھ دن یوگراج سنگھ کے ساتھ ٹریننگ کی تھی، یوگراج نے یہ بھی انکشاف کیا کہ انھوں نے سچن ٹنڈولکر اور یوراج سنگھ کو کیسے غلط ثابت کیا جب ارجن نے گوا کے لیے رنجی ٹرافی میں سنچری بنائی، دونوں سابق کرکٹرز ارجن کو بولنگ آل راؤنڈر کے طور پر دیکھتے ہیں۔



شب ڈیٹرائٹ کے لفل سیزرز ایرینا میں ہونے والا میچ نیویارک سائرنز نے جیتا (اے ایف پی)



لاہور سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال سرگودھا ڈویژن کی زیر تعمیر سپورٹ سکیموں کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قوت

SHOWBIZ

مشہور شخصیت کے بچے ہونے کے باوجود انڈسٹری میں جدوجہد کرنا پڑی، شہزاد شیخ

کراچی (این این آئی) سینئر اداکار جاوید شیخ کے بیٹے شہزاد شیخ نے کہا ہے کہ ان پر مشہور شخصیت کے بچے ہونے کا انڈسٹری میں کوئی مثبت اثر نہیں پڑا۔ اداکارہ موول شیخ اور اداکار شہزاد شیخ نے ایک نجی شرکت کی جہاں انہوں نے جواب دیے۔ ایک سوال کے مشہور شخصیت کے بچے ہونے کا زیادہ ہوا، انڈسٹری میں جدوجہد ایک پلیٹ فارم آپ کو ضرور مل جاتا اور خود ہی سیکھنی ہے، والد انڈسٹری میں چلنے کے کچھ اصول گے تو آگے بڑھ سکو گے۔ اسی حوالے سے اداکارہ موول شیخ کا کہنا تھا کہ مجھے معلوم نہیں تھا کہ اداکاری کی اجازت ملے گی یا نہیں اور میں نے اداکاری کی دنیا میں شادی کے بعد قدم رکھا، مجھے اداکاری کی آفر بھی اپنے شوہر کی دوست کے ذریعے آئی تھی اور اداکاری بھی اپنے شوہر کی سپورٹ کی وجہ سے کی۔

اداکار سونو سود کی اہلیہ سونالی سود خطرناک کار حادثے میں زخمی ہو گئیں

سونو سود اپنی اہلیہ کے ساتھ رہنے کیلئے فوری طور پر ناگپور پہنچ گئے اور وہ پچھلی رات سے وہیں موجود ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار سونو سود کی اہلیہ سونالی سود ممبئی۔ ناگپور ہائی وے پر خطرناک کار حادثے میں زخمی ہو گئیں۔ حادثے کے بعد اداکار نے اپنی اہلیہ کی صحت سے متعلق تازہ معلومات فراہم کی ہیں۔ ایک تازہ انٹرویو کے دوران سونو کا کہنا تھا کہ وہ (اہلیہ) اب ٹھیک ہیں، اس حادثے میں معجزانہ طور پر محفوظ رہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ سونالی اپنی بہن اور بھانجے کے ساتھ سفر کر رہی تھیں، جو گاڑی چلا رہے تھے، وہ بھی حادثے میں زخمی ہو گئے۔ یہ واقعہ 24 مارچ کو رات دیر گئے پیش آیا۔ حادثے کے بعد سونالی اور انکے بھانجے کو ناگپور کے میکس اسپتال میں داخل کروایا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ سونو سود اپنی اہلیہ کے ساتھ رہنے کیلئے فوری طور پر ناگپور پہنچ گئے اور وہ پچھلی رات سے وہیں موجود ہیں۔ اس دوران، سونالی اور ان کے بھانجے کو اسپتال میں نگرانی میں رکھا گیا ہے۔ جبکہ سونالی کی بہن کو معمولی چوٹیں آئیں۔

برینک، کیلیفورنیا میں اسٹیون جے راس تھیٹر میں وارنر برادرز لاٹ میں "یوم حساب" کے عالمی پریمیئر میں شرکت کے موقع پر پوز دے رہی ہے



کاسٹیلو Q'2025 میگزین ایوارڈز' کے ریڈ کارپٹ کے دوران تصویر کے لیے پوز دے رہی ہے



ہالی ووڈ، کیلیفورنیا میں TCL چینی تھیٹر میں HBO کی اصل سیریز 'The Last of Us' سیزن 2 کے لاس اینجلس پریمیئر میں شرکت کے موقع پر فوٹو شوٹ کروا رہی ہے

کھانا بنا سکتی ہوں، لگتا ہے کہ اب شادی کرنے کیلئے تیار ہوں، ہانیہ عامر



کراچی (این این آئی) اداکارہ ہانیہ عامر نے رمضان منی وی لاگ سیریز میں سحری بناتے ہوئے اپنی شادی کیلئے تیار ہونے کا انکشاف کر دیا۔ اداکارہ ایک نئے منی وی لاگ میں اپنی سہیلیوں کے ہمراہ سحری بناتی نظر آئیں اور کچن میں ہی کھڑے کھڑے پوراوی لاگ بنالیا، ہانیہ عامر پراٹھے بیلتی نظر آئیں۔ اسی دوران اداکارہ نے کہا کہ وہ کھانا بھی بنا سکتی ہیں اور انہیں لگتا ہے کہ اب وہ شادی کرنے کیلئے تیار ہیں، اس منی وی لاگ میں پڑوسیوں نے دروازہ کھٹکھٹا کر زیادہ شور ہونے کی شکایت کی۔ جس کے بعد انہوں نے آہستہ بات کرنی شروع کی لیکن لسی بنانے کیلئے بلینڈر پھر بھی چلا دیا یہ کہہ کہ کیا ہی کر لیں گے وہ چلا دو۔

پنجاب میں عید کے موقع پر تھیٹرز میں فحاشی اور عریانی روکنے کیلئے سخت اقدامات

تھیٹر کو ایک خالص تفریحی اور خاندانی ماحول فراہم کرنے کے لیے یہ اقدامات ناگزیر ہیں، ایگزیکٹو ڈائریکٹر

لاہور (این این آئی) پنجاب آرٹس کونسل نے عیدالفطر کے موقع پر تھیٹرز میں بڑھتی ہوئی فحاشی اور عریانی کے سدباب کے لیے سخت اقدامات کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل محمد تنویر ماجد اور ڈائریکٹر آپریشن مغیث بن عزیز کی جانب سے تھیٹر مالکان، پروڈیوسرز اور ڈائریکٹرز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ اپنے اپنے تھیٹرز میں اخلاقی ضوابط کی مکمل پاسداری کو یقینی بنائیں۔ اس حوالے سے کلچرل رپورٹرز کے اعزاز میں دی گئی افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محمد تنویر ماجد نے کہا کہ تھیٹرز میں فحاشی اور غیر اخلاقی حرکات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔ اس مقصد کے لیے پنجاب بھر میں ای۔مانیٹرنگ کے عمل کو مزید سخت کر دیا گیا ہے تاکہ تھیٹر کے ماحول کو صاف ستھرا رکھا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب کسی کو بھی فحاشی کے مرتکب ہونے کا موقع نہیں دیا جائے گا، اور جو بھی اس کے خلاف جائے گا، اسے سخت قانونی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق، عیدالفطر کے موقع پر پیش کیے جانے والے تمام تھیٹر ڈراموں کی فل ڈریس سینسر ریہرسل کی مانیٹرنگ کا آغاز کر دیا گیا ہے، جو عید سے قبل مکمل کر لیا جائے گا۔ اس تمام عمل کی نگرانی ڈائریکٹر آپریشن مغیث بن عزیز کریں گے، جو یقینی بنائیں گے کہ کسی بھی ڈرامے میں غیر اخلاقی مواد شامل نہ ہو۔ پنجاب آرٹس کونسل کی جانب سے تھیٹر کے ماحول کو صاف رکھنے کے لیے متعدد مرد و خواتین فنکاروں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، جبکہ تمام فنکاروں سے بیانِ حلفی لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ وہ تھیٹرز میں فحش رقص اور نازیبا جملے بازی نہیں کریں گے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد تنویر ماجد نے کہا کہ تھیٹر کو ایک خالص تفریحی اور خاندانی ماحول فراہم کرنے کے لیے یہ اقدامات ناگزیر ہیں، اور جو بھی ان ضوابط کی خلاف ورزی کرے گا، اسے کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

میرب علی کا ہانیہ عامر کا نام سنتے ہی حیران کن ردِعمل

کراچی (این این آئی) پاکستانی ماڈل و اداکارہ میرب علی کا سپر اسٹار ہانیہ کا نام سنتے ہی دیا گیا ردِعمل فینز کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ میرب علی نے شوبز انڈسٹری میں بطور اداکارہ قدم رکھنے سے قبل مختلف پاکستانی برانڈز کیلئے ماڈلنگ کرنی شروع کی جس کی وجہ سے انکا چہرہ بالکل ان جان نہ رہا اور پھر سال 2018 میں سجاد علی کے گیت لگا یا دل کی میوزک ویڈیو سے ایکٹنگ ڈیبیو کیا۔ 2021 میں میرب علی نے ڈراما صنفِ آہن میں کام کیا جبکہ 2022 میں وہ رمضان اسپیشل ڈراما پرستان میں اداکاری کے جوہر دکھاتی نظر آئیں۔ میرب علی کی ایک اور پہچان انکا گلوکار عاصم اظہر کی منگیتر ہونا ہے جس کی وجہ سے انکی فین فالوئنگ میں واضح اضافہ بھی ہوا۔ وہ اکثر عاصم اظہر کے کنسرٹس میں نظر آتی ہیں اور کئی ایونٹس میں بھی ان کی موجودگی دیکھی جاتی ہے۔ عاصم اظہر سے میرب علی کی منگنی کو متعدد فینز نے پسند کیا تھا لیکن اس کے ساتھ ہی ایک تنازعہ بھی کھڑا ہوا کیونکہ وہ اس سے پہلے عاصم اظہر کی سابقہ محبت ہانیہ عامر کی بھی دوست رہ چکی تھیں اور ہانیہ عامر سے عصم اظہر کے بریک اپ کے بعد وہ ہانیہ عامر کی جگہ لے بیٹھیں۔

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

جہلم ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے خواتین، بچوں اور کمزور طبقات کیلئے قابل تحسین اور منفرد اقدام اٹھایا

پولیس سکواڈ بازاروں میں پیدل، سائیکل پر بازار اور مارکیٹوں میں گشت کرتا دکھائی دیتا ہے



بازاروں میں سمال وومن مشن کی ہر گیوں پر بھی خواتین کے لئے الگ سے سکواڈ تشکیل دیئے گئے ہیں جو خواتین کو خریداری کے دوران کسی بھی قسم کی ہراسمنٹ کے واقعات سے بچانے کیلئے ان کی مدد کریں گے۔ پولیس کا پیدل سکواڈ بازاروں اور مارکیٹوں میں باریک بینی سے نگرانی کے فرائض سر انجام دے رہا ہے۔ ڈیوٹی کے دوران پولیس سکواڈ خواتین کے لئے نظم کرتے ہوئے بھی کہا کہ ڈی پی او جہلم خرم نیاز سندھو نے خواتین کے لئے ایک مثالی ماحول کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں اور یہ عمل مکمل بھاری پتھر ثابت ہوگا۔ پولیس کا پیدل سکواڈ بازاروں اور مارکیٹوں میں نگرانی کے فرائض سر انجام دے رہا ہے۔ ڈیوٹی کے دوران پولیس سکواڈ کے اہلکاروں کو خواتین کے ساتھ شائستہ رویہ اپنانے اور ان کی عزت کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ڈی پی او جہلم خرم نیاز سندھو نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

عیدالفطر کے لئے ریسکیو 1122 نگاہ صاب نے ایمرجنسی کو پلان مرتب کر دیا، مجمد اکرم ہنوار

ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کے ساتھ ساتھ ریسکیو موبائل یونٹیں بھی قائم کی جائیں گی



نگاہ صاب (چوہدری محمد عرفان گھر) ضلعی ہیڈ کوارٹر ز چکوال کے ساتھ ساتھ ریسکیو 1122 نگاہ صاب نے ایمرجنسی چھٹیوں محمد و صاب میں عید الفطر ایمرجنسی مجمد اکرم ہنوار صدارت میں عید الفطر ایمرجنسی مجمد اکرم چوہدری کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا جس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو سٹیشن آفیسر عمران، انسٹرکٹر محمد سعید کے ساتھ تمام آفیسرز ومیڈیا رائٹرز و ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے شرکت کی اس موقع پر ریسکیو 1122 کی جانب سے عید الفطر کے موقع پر سفر کے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا اور ایمرجنسی ریسکیو پلان وضع کیا گیا اور یہ عید الفطر کے موقع پر مختلف شاہراہوں پر ریسکیو 1122 کی ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں تعینات کی جائیں گی اور ریسکیو 1122 نگاہ صاب کے ساتھ ساتھ ریسکیو موبائل یونٹیں بھی قائم کی جائیں گی اور یہ عید الفطر کے موقع پر ریسکیو 1122 کی جانب سے عید الفطر کے موقع پر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر چوکس و تیار ہوگا اور ایمرجنسی سروس ہنوار چکوال کے ساتھ ساتھ

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعۃ المبارک 28 مارچ 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

RNI No. PUNWAR/2017/74101 DAILY QUWWAT LAHORE

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

ادارہ 042-3636003

نیلامی

1 بقیہ جات

بجلی چوری کے مقدمات میں بجلی چوروں کو گرفتار کرنے کے لئے چھاپے مارنے والے ایس ڈی او ریپ کے واقعات کی روک تھام کے لئے اقدامات نہیں بنانے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ انسداد بدعنوانات پنجاب نے ایس ڈی او ریپ کے واقعات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل انسداد بدعنوانات پنجاب کی تحریر کے مطابق ڈی او ریپ کے الزامات کی تحقیقات کے لئے ایک ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔ ٹیم کی سربراہی ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل کریں گے۔ ٹیم میں ایک ایس پی، ایک ڈی ایس پی اور ایک انسپکٹر شامل ہوں گے۔ ٹیم ڈی او ریپ کے الزامات کی تحقیقات کرے گی۔ ٹیم کو 7 روز میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ڈی او ریپ کے الزامات کی تحقیقات کے لئے ٹیم تشکیل دینے کا حکم ڈائریکٹر جنرل انسداد بدعنوانات پنجاب نے دیا ہے۔ ڈی او ریپ کے الزامات کی تحقیقات کے لئے ٹیم تشکیل دینے کا حکم ڈائریکٹر جنرل انسداد بدعنوانات پنجاب نے دیا ہے۔ ڈی او ریپ کے الزامات کی تحقیقات کے لئے ٹیم تشکیل دینے کا حکم ڈائریکٹر جنرل انسداد بدعنوانات پنجاب نے دیا ہے۔

2 بقیہ جات

ڈرگ لاء پولیس کے مطابق ملزم بیلن چک نمبر 66 کا رہائشی ملتان سے بذریعہ کار لاہور جا رہا تھا۔ ملزم کے قبضہ سے 2 کلو 30 گرام چرس برآمد کی گئی۔ ملزم کے خلاف ڈرگ لاء پولیس کے ایس ایچ او محمد ارشد نے مقدمہ درج کرا دیا۔

3 بقیہ جات

کہا کہ اللہ سے دعا ہے کہ آئی این ایف کا حالیہ پروگرام آخری پروگرام ہو، 77 سال میں ہمارے فرض ادا نہیں ہوئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آپ لوگوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ ہم اللہ سے استاف لیول معاہدہ چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو نوجوان نسل کے ہاتھ اور جیب میں ہتھیار ہے اسے ہتھیار ڈالنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو ہتھیار ڈالنے ہوں گے، ہتھیار ڈالنے کا مطلب ہے کہ نوجوان سرنڈر کریں گے، آئی ایم ایف کا پروگرام آخری ہے، ہم نے قرض لینا بند کرنا ہے، ہم نے قرض لینا بند کرنا ہے، ہم نے 34 روپے کا ڈالر 280 روپے میں خریدا ہے، یہ وہ قرض ہے جو ہمیں کسی نے خیرات میں نہیں دیا، یہ وہ قرض ہے جو ہمیں کسی نے عبادت میں نہیں دیا، یہ وہ قرض ہے جو ہمیں کسی نے جہاد میں نہیں دیا، یہ وہ قرض ہے جو ہمیں کسی نے اسلام کے لئے نہیں دیا، یہ وہ قرض ہے جو ہمیں کسی نے پاکستان کی خدمت کرنے کے لئے نہیں دیا، یہ وہ قرض ہے جو ہمیں کسی نے اس لئے نہیں دیا کہ ہم نوجوانوں پر سرمایہ کاری کریں گے، ہم نوجوانوں کو ہنر سکھائیں گے، ہم نوجوانوں کو ٹیکنالوجی دیں گے، ہم نوجوانوں کو ہتھیار ڈالنے ہوں گے، ہتھیار ڈالنے کا مطلب ہے کہ نوجوان سرنڈر کریں گ

عید کی خوشیوں میں مستحق اور باہمت بچوں کو ضرور شامل کیا جائے، ضیاالدین انصاری

مخلوق خدا کی خدمت کر کے ہی اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کی جاسکتی ہے، عید کی خوشیوں میں غربا فقراء، مساکین اور ان کے بچوں کو شامل کرنا ہمارا دینی فریضہ ہے۔

عید امن محبت اور بھائی چارے کا پیغام دیتی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور کے یتیم بچوں کیلئے عید شاپنگ فیسٹیول کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام گرین ٹاؤن شیر لاہور کے باہمت بچوں کیلئے ''عید شاپنگ فیسٹیول'' کا انعقاد کیا گیا جس میں یتیم بچوں کیلئے فری شاپنگ کا اہتمام کیا گیا۔ عیدی ملنے پر یتیم بچوں نے انتہائی خوشی کا اظہار کیا اور اپنی پسند کی اشیا خریدیں۔ فیسٹیول میں 600 سے زائد باہمت بچوں نے بھرپور انداز میں عید کی شاپنگ کی۔ فیسٹیول میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری بچوں نے لطیفے سنائے اور ایک دوسرے کو تحائف دیئے۔ فیسٹیول میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ فیسٹیول میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، نائب امیر جماعت اسلامی لاہور قاسم احمد بٹ نے بچوں میں عیدی تقسیم کی۔ اس موقع پر نائب امیر جماعت اسلامی لاہور خالد احمد، امیر جماعت اسلامی لاہور مرزا عبدالرشید، افضال احمد بٹ ایڈووکیٹ سمیت دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 51)



لاہور: جماعت اسلامی پی پی 163 کے زیر اہتمام گرین ٹاؤن میں ''عید شاپنگ فیسٹیول'' کے موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، وقاص احمد بٹ، خالد احمد بٹ، مرزا عبدالرشید، افضال احمد بٹ ایڈووکیٹ و دیگر ذمہ داران باہمت بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

حکمرانوں نے عام آدمی کیلئے روٹی کمانا مشکل بنا دیا، جے یو آئی

اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، بحران سب اچھا کا راگ الاپ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخ بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم سنی لاہور ہاشم تھانی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سنی لاہور فیضان شیخان بٹ ایڈووکیٹ، اورڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکمرانوں نے عام آدمی کیلئے روٹی کمانا مشکل بنا دیا، وزیر مشیر پر ڈگڑی انجائے کرے ہیں لیکن دینے والا غریب آدمی فاقوں سے بھوکا بیٹا سامر ہا ہے، اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں اور حکمران سب اچھا کا راگ الاپ رہے ہیں۔ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں سبزیاں، دالیں، گھی، آٹا، مائع، دامن فروخت ہونا ہر پاس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ بے بس نظر آتی ہے کہ حکمرانوں نے عام آدمی کیلئے روٹی (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 63)

سانگلہ ہل: نواحی گاؤں 55 برج میں بنائی گئی پولیس چوکی کو تالے لگا دیئے گئے

چوکی انچارج و دیگر ملازمین غائب، ڈی پی او سرگل اور ایس ایچ او کی بے خبری یا ملی بھگت؟ مسافرین رل گئے

نواحی گاؤں 55 برج میں بنائی گئی پولیس چوکی کو تالے لگا دیئے گئے، چوکی انچارج و دیگر ملازمین غائب، ڈی پی او سرگل اور ایس ایچ او کی بے خبری یا ملی بھگت؟ مسافرین رل گئے، علاقہ میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، اہل علاقہ تھانہ صدر سانگلہ ہل کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے۔ اطلاع پر موقع پر پہنچے ہوئے ایس ایچ او سٹی سانگلہ ہل محمد آصف کو علاقہ مکینوں کے حوالے کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 56)



ڈیرہ غازی خان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ہمارے پاس اختیار نہیں وسائل آخر تک بدنامی اپنے نام لیں گورنر سندھ

کراچی میں ٹریفک کی صورتحال بے حد خراب ہوچکی، بچوں کو پکڑا جارہا ہے فاقتل ڈمپر ہٹتے بستے خاندانوں کو اجاڑ رہے ہیں

اگر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کا آغاز نہ ہوا تو وہ ڈمپروں کے سامنے کھڑے ہو کر احتجاج کریں گے، کامران ٹیسوری



کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے فیئر ہالٹ میں تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ٹریفک گردی کی بڑھتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا، اور کہا کہ ہمارے پاس اختیار ہے نہ وسائل آخر تک بدنامی اپنے نام لیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں ٹریفک کی صورتحال بے حد خراب ہو چکی ہے اور اس کا فوری تدارک ضروری ہے، گورنر سندھ نے حکومت اور انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ ہر صورت قوانین پر عملدرآمد (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 47)

لاہور: طلبہ تنظیم جماعت کا پنجرے کو لاہور پریس کلب آرہے ہیں



عید الفطر 2025 کے پر مسرت موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 29 مارچ 2025 تک ادارہ کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
Dailyquwat786@gmail.com
PH:0302-1228000 / 0300-4181870

متوقعہ جموں وکشمیر: جلیل اندرابی، دیگر کو زبردست خراج عقیدت پیش

مودی حکومت نے جنتے کشمیر یوں پر مظالم کے تمام ریکارڈ توڑ دیے ہیں، ترجمان حریت کانفرنس

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے ایڈیکٹ جلیل اندرابی شہید، شہید اشفاق مجید وانی، شہید ڈاکٹر عبدالاحد گورو اور شہید شبیر صدیقی کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا، جنہوں نے ایک نصب مقصد کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان عبدالرشید منہاس نے سرینگر (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 46)

میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کیلئے 10 نکاتی گریڈنگ سسٹم متعارف

پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرمینز نے 10 نکاتی گریڈنگ سسٹم کی باقاعدہ منظوری دے دی

گریڈ استعمال ہوگا، پاسنگ مارکس کو 33 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد کردیا جائے گا، پیپر کمپنی 2026 سنیوں اور گیارھویں جماعت کے طلبا کو گریڈ دیکھنے میں کے دوسرے سمسٹر 2027 کی 10ویں اور 12ویں جماعت میں بھی نظام نافذ ہوگا، تجویز کیا گیا ہے کہ ہر مضمون میں کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کرنا لازمی ہوگا، فیل کی صورت میں طلبا کو ایک سے زائد مضمون میں دوبارہ امتحان دینا ہوگا، گریڈنگ سسٹم کے تحت طلبا کو 10 نکاتی گریڈ کارڈ جاری کیا جائے گا، فیل کی صورت میں طلبا کو ایک سے زائد مضمون میں دوبارہ امتحان دینا ہوگا، تجویز کیا گیا ہے کہ ہر مضمون میں 50 فیصد نمبر حاصل کرنا لازمی ہوگ